Vol. VI
No. 20

S.P. VI-20-75 (E)
300

# THE SENATE OF PAKISTAN

# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

**Tuesday, December 9, 1975**

**CONTENTS**

| | Pages |
|---|---|
| Starred Questions and Answers ... ... ... ... | 127 |
| The West Pakistan Water and Power Development Authority (Amendment) Bill, 1975—*Adopted* ... ... ... ... | 135 |
| The Pakistan Engineering Council Bill, 1975 – *Referred to Standing Committee* ... ... ... ... ... | 160 |

PRINTED AT SHAN ELECTRIC PRESS, CHURCH ROAD, OLD ANARKALI, LAHORE
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI
*Price : Paisa* 50

# SENATE DEBATES

# SENATE OF PAKISTAN

---

**Tuesday, December 9, 1975**

---

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at ten of the clock in the morning, Mr. Deputy Chairman (Mr. Tahir Mohammad Khan) in the Chair.

---

*(Recitation from the Holy Qur'an)*

---

## STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

**Mr. Deputy Chairman :** Now, we take up the question. I think, all these questions relate to the Ministry of Production.

**Mr. Mohamed Yusuf Khattak** (Minister for Fuel, Power and Natural Resources) : Sir, I will answer them on his behalf.

**Mr. Deputy Chairman :** So, you will reply. All right.

First is question No. 87. Yes, Sardar Mohammad Aslam.

### RATE OF PHOSPHATE

87. ***Sardar Mohammad Aslam :** Will the Minister for Production be pleased to state :

(a) the rate per ton at which Fertilizer Corporation is purchasing phosphate from Sarhad Development Authority or Pakistan Industrial Development Corporation ; and

(b) the rate per ton at which Fertilizer Corporation is importing phosphate from abroad ?

**Mr. M. Rafi Raza** (read by Mr. Mohamed Yusuf Khattak) :

(a) The National Fertilizer Corporation is purchasing from Sarhad Development Authority unbeneficiated and uncrushed phosphate rock at the rate of Rs. 350/- per ton ex-mine.

(b) The National Fertilizer Corporation has been importing phosphate at different prices depending on the international prices which continue to fluctuate.

**Mr. Deputy Chairman :** Any supplementary ?

**Mr. Farooq Ahmad Khan Leghari** : Supplementary, Sir. Is the Minister for Production willing to place before the House the rate at which the . . .

**Mr. Deputy Chairman** : The Minister for production is not here. On his behalf Mr. Mohamed Yusuf Khattak can tell you.

**Mr. Farooq Ahmad Khan Leghari** : Will the Minister for Natural Resources, who is answering on behalf of the Minister for Production, be willing to place on the Table of this House the rates at which various consignments of phosphate imported from abroad by the Fertilizer Corporation have been obtained during the past one year.

**Mr. Mohamed Yusuf Khattak** : Well, I think, it is a very wide question but I can tell the honourable Member that the price of local unbeneficiated and uncrushed phosphate rock is Rs. 350/- per ton and the cost of beneficiation and crushing is Rs. 80/- per ton. The international prices at which National Fertilizer Corporation has been importing have ranged from thirty five dollars to sixty dollars.

**Mr. Deputy Chairman** : He was actually asking at what rates you have been purchasing this imported phosphate in the last one year ?

**Mr. Mohamed Yusuf Khattak** : This is what I have said.

**Mr. Deputy Chairman** : There are various rates.

**Mr. Mohamed Yusuf Khattak** : I have said it is Rs. 350/- per ton in respect of the local one, and they have been importing at the rate of thirty five dollars to sixty dollars per ton.

**Mr. Farooq Ahamed Khan Leghari** : Sir, my question was slightly different. I have asked whether the Minister was willing to place on the Table of the House information regarding the rates at which various consignments of imported phosphate fertilizer have been purchased. He said that it has varied from thirty five to sixty dollars. That is all right.

The variation is from 35 to 60 dollars, roughly from 350 to 600 rupees. But we would like to know whether he is willing to place on the Table of the House the rates at which various consignments have been imported.

**Mr. Deputy Chairman** : No, actually, we cannot ask the Minister to place any record on the Table of the House unless it is an unstarred question. So, if you want any information for the oral reply you can ask the question, and perhaps for this question he may be needing a fresh notice as well.

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak** : He can put another question, Sir.

**Mr. Deputy Chairman** : Yes, next is 88. Sardar Mohammad Aslam !

### PHOSPHATE FACTORY AT KANGRA

88. ***Sardar Mohammad Aslam** : Will the Minister for Production be pleased to state :

(a) whether it is a fact that Fertilizer Corporation of Pakistan is constructing a phosphate factory at Kangra in Hazara District.

(b) whether it is a fact that raw material *viz.* phosphate, is available in a mountain situated near Abbottabad and will be transported to the factory at a distance of 28-30 miles ; and

(c) whether it is a fact that transportation of raw material will result in higher cost of production ?

**Mr. M. Rafi Raza** (read by Mr. Mohammad Yusuf Khattak) :

(a) Yes.

(b) Yes.

(c) Yes, but the site was selected keeping in view the availability of other raw materials and facilities like natural gas and electricity.

**Mr. Deputy Chairman** : Any supplementary ?

**Sardar Mohammad Aslam** : Supplementary, Sir.

خوش قسمتی سے جواب میں جو reasons بتلائے گئے ہیں وہ Ministry of Fuel and Power سے تعلق رکھتے ہیں اور یہ ڈویژن بھی وزیر صاحب کا ہے ۔ وہ خود جواب دے رہے ہیں اس لیے کیا میں یہ سپلیمنٹری پوچھ سکتا ہوں کہ part (c) میں انہوں نے یہ تسلیم کیا اور question یہ تھا ۔

Whether it is a fact that transportation of raw material will result in higher cost of production ? The answer as in (c) is : Yes, but the site was selected keeping in view the availability of other raw materials and facilities like natural gas and electicity.

کیا یہ اچھا نہ ہوتا کہ natural gas اور electricity تو already ہے natural gas جو ہے وہ ایبٹ آباد جہاں سے raw material ملتا ہے ، وہاں تک لے جائی جاتی اور رستے میں فیکٹریاں لگتیں اور لوگوں کو آرام ہوتا ۔

**جناب محمد یوسف خٹک** (وزیر ایندھن ، بجلی و قدرتی وسائل) **:** سردار صاحب کو اچھی طرح معلوم ہے کہ جب ایک فیکٹری کسی جگہ لگائی جاتی ہے تو بہت سی چیزوں کو ملحوظ خاطر رکھا جاتا ہے ۔ ایبٹ آباد ایک پہاڑی علاقہ ہے اس میں میرے خیال میں اتنی جگہ بھی نہیں کہ وہاں پر اس طریقے سے ایک Fertilizer Complex بنایا جائے ۔ کیوں کہ جب ایک فرٹیلائزر کمپلکس بن جائے گا تو صرف فرٹیلائزر کمپلکس ہی نہیں ہوگا اس کے ساتھ ہی ایک پورا شہر جو وہاں پر لوگ کام کریں گے ان کے لواحقین وغیرہ ، وہ سب وہاں پر آباد ہوں گے ۔ اور ہری پور کوئی خاص دور نہیں ۔ ہری پور اور ایبٹ آباد میں کوئی اتنا فرق نہیں ہے اور یہ جو فاسفیٹ ہے ایبٹ آباد میں ہے ایبٹ آباد سے شروع ہو کر وہاں تک جاتا ہے ۔ اور پھر بیس میل تو اتنی بڑی transportation نہیں ہے اور جب ہری پور تک ایک گیس آ جائے گی تو پھر اس کے لیے آسان ہوگا کہ اس کو ایبٹ آباد تک لے جایا جا سکے اور اس کی extension ہو سکتی ہے ۔ میرے خیال میں تو سردار صاحب خود ہزارہ کے رہنے والے ہیں ان کو معلوم ہے کہ ہری پور

اس وقت بہترین جگہ ہے اور وہاں پر اور بھی Industrial Complexes ہیں اور ایک سہولت اور بھی ہے کہ وہاں پر ٹیلیفون فیکٹری ہے اور چیزیں ہیں ۔ تو ان تمام چیزوں کو سامنے رکھ کر میرے خیال میں انہوں نے ایک بہترین site منتخب کی ہے ۔

**Mr. Deputy Chairman :** No other question ? Question No. 89, Senator Aslam !

## IMPORTED TRACTORS

89. ***Sardar Mohammad Aslam :** Will the Minister for Production be pleased to state :

(a) the number of each make of tractors imported during 1973-74 and 1974-75 ;

(b) the number of each make of tractors supplied to Punjab, Sind, Baluchistan and N.-W.F.P. ; and

(c) the names, parentage and addresses of persons belonging to N.-W.F.P. to whom tractors were given on cash payment or on credit during 1973-74 and 1974-75 ?

**Mr. M. Rafi Raza** (read by Mr. Mohamed Yusuf Khattak) :

(a) & (b)—Statements are placed on the Table of the House.

(c) The information is being collected and will be furnished later on.

---

*Annexure—'A'*

STATEMENT SHOWING THE NUMBER OF EACH MAKE OF TRACTORS IMPORTED DURING 1973-74 and 1974-75

| Make | | 1973-74 | 1974-75 |
|---|---|---|---|
| Ford | 3000 | 360 | 1594 |
| MF | 135 | 528 | 2280 |
| Fiat | 480 | 475 | 2517 |
| Fiat | 640 | — | 620 |
| Ursus | | 1000 | — |
| Zetor | | 347 | — |
| Belarus | | 1506 | 127 |
| IMT | | 1000 | — |
| I. Harvester. | | — | 52 |
| | Total :— | 5216 | 7190 |

*Annexure—'B'*

## NUMBER OF EACH KIND OF TRACTORS SUPPLIED TO PUNJAB, SIND, N.W.F.P. & BALUCHISTAN BY ADBP

| S. No. | Make of Tractors | H.P. | 1973-74 | | | | | 1974-75 | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Punjab | Sind | N.W.F.P. | B'tan | Total | Punjab | Sind | NWFP | B'tan | Total |
| 1. | Maassey Ferguson | 47 | 330 | 46 | 36 | 8 | 420 | 978 | 269 | 139 | 37 | 1423 |
| 2. | Ford | 46 | 288 | 55 | 24 | 20 | 387 | 806 | 292 | 83 | 19 | 1200 |
| 3. | Fiat | 48 | 232 | 37 | 29 | 2 | 300 | 1293 | 329 | 176 | 31 | 1829 |
| 4. | Ursus | 55 | 245 | 19 | 3 | — | 267 | 495 | 91 | 74 | 11 | 671 |
| 5. | IMT | 41 | 451 | 8 | 32 | | 497 | 327 | 19 | 51 | 13 | 410 |
| 6. | IMT | 67 | — | — | — | — | — | 129 | 27 | 34 | 10 | 200 |
| 7. | I. H. | 50 | 9 | 14 | — | — | 23 | 20 | 23 | 9 | — | 52 |
| 8. | Zetor | 47 | 8 | 2 | 2 | — | 12 | 100 | 27 | 1 | 2 | 130 |
| 9. | Zetor | 60 | 61 | 19 | 4 | — | 84 | 46 | 30 | — | 12 | 88 |
| 10. | Belarus | 55/70 | 798 | 468 | 67 | 44 | 1377 | 86 | 220 | 13 | 1 | 320 |
| 11. | Adamjee Deudz : | 50/60 | 1 | 3 | — | 2 | 6 | — | — | — | — | — |
| 12. | John Deere | — | 5 | 3 | — | 2 | 10 | — | — | — | — | — |
| | Total : | | 2428 | 674 | 197 | 84 | 3383 | 4280 | 1327 | 580 | 136 | 6323 |

**Mr. Deputy Chairman :** Any question ?

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Sir, would the honourable Minister be pleased to state as to what were the reasons for the discontinuance of the import of Russian tractors Belarus, which is a very successful tractor ?

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak :** I don't think that there is any question of discontinuation. It is not always possible for the Government to select a particular brand. It depends on the credits and the trade agreements between different countries. So, sometime the Government would like to import a particular item from one country but probably there are no credits available in that country and that must be the only reason, otherwise I don't think there is any reason to discontinue their import. And you must have seen in the Press that we are going to set up a Corporation which would manufacture Russian tractors in Pakistan in collaboration with the Russian Government.

**Mr. Deputy Chairman :** Question No. 40, Senator Aslam.

---

## DEFERRED STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

*(Originally set down for answer on 26th November, 1975)*

### PRICE OF CEMENT

40. ***Sadar Mohammad Aslam :** Will the Minister for Production, Industries, Environment and Urban Affairs be pleased to state :

(a) the present retail control price of cement per bag alongwith the commission allowed to the retailers ;

(b) whether he is aware of the fact that cement dealers in Abbottabad are selling cement @ Rs. 20.00 per bag ; and

(c) if answer to (b) above be in the affirmative the reasons therefor ?

**Mr. Rafi Raza (read by Mr. Mohammad Yusuf Khattak) :**

(a) The ex-Factory price is Rs. 13/- per bag and retail price varies from place to place depending upon carriage charges. No commission is allowed to stockists. However a margin of profit of Rs. 0.25 per bag is allowed.

(b) The accredited stockists of Cement Factories are to sell cement at the rates fixed by the Companies and price at Abbottabad for Mustehkam Cement is Rs. 15.73 per bag and for Associated Cement Rs. 15. 65 per bag.

(c) Does not arise.

**Mr. Deputy Chairman :** Well, it is 41, Senator Aslam.

### ALLOTMENT OF PLOTS TO MEMBERS OF PARLIAMENT

41. ***Sardar Mohammad Aslam :** Will the Minister for Production, Industries, Environment and Urban Affairs be pleased to state :

(a) the number and names of Members of Parliament who have been allotted residential and commercial plots in Islamabad along with the size of plot allotted to each Member ; and

(b) the criteria or conditions for allotment of plots to Members of Parliament ?

**Mr. M. Rafi Raza** (read by Mr. Mohammad Yousuf Khattak) :

(a) 87 residential plots in newly opened sectors E-7 & F-10 have so far been allotted to the Members of the Parliament. The list is under preparation and will be placed at the table of the House in due course of time.

(b) Members have been allotted plots on the basis of their own requests on the standard conditions, and no particular criterian has been adopted in making such allotments.

**Mr. Deputy Chairman** : Any question ? Yes, Senator Khoso ?

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Sir, I would like to ask the Minister whether there are any restrictions for these Members for the re-sale of these plots ?

**Mr. Deputy Chairman** : Is there any restriction on the re-sale of plots ?

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak** : I am not aware of this, but I hope there are restrictions because they get these plots as Members of the Parliament and they should not be allowed—this is my personal opinion—to trade on these.

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Sir, another question. Sir, is it within the knowledge of the honourable Minister that any such plots allocated to the Members have been re-sold by those Members ?

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak** : I don't think. This requires sanction.

(*Interruption*).

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak** : But if he has got any such information he can supply it to the Minister and they will look into it.

**Mr. Deputy Chairman** : Yes, Senator Aslam.

**سردار محمد اسلم :** سر ! یہ لسٹ کب تک Table پر آ جائے گی ۔

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak** : I think, Sir, whenever you require. It is not a difficult thing to supply the list. That is entirely upto the House. Whenever they want it, it will be supplied.

**Mr. Deputy Chairman** : But, actually, you have said that it is under preparation, and will be placed on the Table of the House in due course of time. He wants to enquire what is the due course of time.

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak** : I require a notice for that. But it should not take very long.

**Mr. Afzal Khan Khoso** : It is a part of the answer. I don't think it requires any fresh notice.

**Mr. Deputy Chairman** : Which one ?

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Sir, regarding the list. It is a part of the answer.

**Mr. Deputy Chairman** : The Minister has said that this will be placed on the Table of the House in due course of time, and the Minister thinks that this will not take a long time. That will be placed on the Table of the House perhaps within this session or in the early days of the next session.

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Thank you, Sir.

**جناب نرگس زمان خان کیانی :** جناب جن ممبران کو ابھی تک پلاٹوں کا الاٹمنٹ نہیں ہوا کیا انہیں بھی ملیں گے ؟

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** جی - جن کو الاٹ نہیں ہوئے کیا ان کو بھی ملیں گے ؟

**جناب محمد یوسف خٹک :** انشاء اللہ ان کو بھی ضرور ملیں گے -

**جناب نرگس زمان خان کیانی :** کب تک ملیں گے ؟

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** یہ تو وہ نہیں کہہ سکیں گے اگر آپ apply کریں گے تو -

That will be considered.

**نرگس زمان خان کیانی :** جنہوں نے apply کیا ہوا ہے ابھی تک انہیں allotment نہیں ہوئی ہے -

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak :** It also depends upon how forcefully an honourable Members pursues his application.

**Mr. Deputy Chairman :** A good reply.

آپ نے اس کی پیروی نہیں کی ہو گی -

**جناب نرگس زمان خان کیانی :** جناب متعلقہ چیئرمین کا دروازہ بار بار کھٹکھٹایا ہے -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** چیئرمین کے پاس تو اختیارات نہیں ہیں ، منسٹر صاحب کے پاس ہوں گے کیونکہ پارلیمنٹ کا issue تو ایسا ہے کہ چیئرمین اس کا فیصلہ نہیں کرسکتا -

**جناب نرگس زمان خان کیانی :** درخواست تو چیئرمین کو دی جاتی ہے -

**جناب محمد یوسف خٹک :** یہ منسٹر صاحب کے پاس درخواست دے دیں ، الاٹمنٹ جلد سے جلد ہو جائے گی -

**Mr. Deputy Chairman :** Subject to availability of plots.

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak :** I hope, there are, we are just marking them.

**Mr. Deputy Chairman :** Mr. Sher Mohammad, did you want to ask some question ?

**جناب شیر محمد خان :** جناب والا ! میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ جن ممبر صاحبان کو جس ریٹ پر پلاٹ دئیے گئے ہیں اب اگر کوئی ممبر اپلائی کرے تو کیا اسے اسی ریٹ پر پلاٹ ملے گا -

**جناب محمد یوسف خٹک :** ہمارے ہاں تو ریٹ مقرر ہیں ، لیکن ہر چیز بڑھتی جا رہی ہے ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** آپ کس دور کے ریٹ پوچھنا چاہتے ہیں ؟ ایک تو یہ ہے کہ وزیر صاحب نے ای - ے کے بارے میں کہا ، یہ چھ ، سات مہینے پہلے کا ہے ۔ کچھ ۱۹۶۲ء میں اسمبلی کے ممبران کو الاٹ ہوئے ۔

**جناب شیر محمد خان :** ابھی وزیر صاحب نے جواب دیا ہے کہ ۸۷ ممبران کو پلاٹ ملے ہیں ۔ تو اگر اب کوئی ممبر اپلائی کرے تو اسی ریٹ پر اسے پلاٹ ملے گا ؟

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** میرے خیال میں تو standard ریٹ ہونا چاہئے ، الگ ریٹ کیوں ہو ؟

Thank you. It finishes the questions. We come to the legislative business.

---

## THE WEST PAKISTAN WATER AND POWER DEVELOPMENT AUTHORITY (AMENDMENT) BILL, 1975

**Mr. Deputy Chairman :** This motion was moved yesterday. It was under consideration when the House was adjourned. Now, we are on the consideration motion. You make your speech the honourable Minister.

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak :** I introduced the Bill, Sir. I made my speech yesterday. I will not move now but I will have to wind up later on.

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** اب اس بل پر کوئی حضرات مزید تقریر کریں گے ؟ جی فرمائیے ۔

**سردار محمد اسلم :** جناب چیئرمین ! یہ بل جو زیر غور ہے جس کے ذریعہ مغربی پاکستان پانی و بجلی کے ترقیاتی ادارہ کے ایکٹ ۱۹۵۸ء میں ترمیم کی گئی ہے اور جس ترمیم کی رو سے اتھارٹی کو یہ حق دینا مقصود ہے کہ وہ اتھارٹی کسی ملازم کو خواہ وہ اس کا اپنا اسپلائی ہو یا اس اتھارٹی کے تحت کام کر رہا ہو اس کو بغیر کوئی وجہ بتلائے ، ۳۰ دن کا نوٹس دے کر یا ایک ماہ کی تنخواہ دے کر نوکری سے علیحدہ کر دے ۔ یہی ایک ترمیم ہے جو اس بل میں مقصود ہے جس کے متعلق غالباً وزیر صاحب نے نیشنل اسمبلی میں جو دلائل دئے ہیں وہ یہی تھے کہ واپڈا میں رشوت ہے اور رشوت خور ملازمین کو نکالنے کے لیے اس قسم کی ترمیم کی ضرورت تھی جس سے اتھارٹی کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ تطہیر کے لیے کرپٹ اور بد دیانت یا ایسے ملازمین کو جو اتھارٹی میں کام نہیں کر سکے ملازمت سے سبکدوش کر دے ۔ تو جناب والا ! جہاں تک واپڈا میں کرپشن کا تعلق ہے میرے خیال میں یہ کہنا غلط نہیں ہوگا کہ یہ اظہر من الشمس ہے کہ واپڈا اور کرپشن ایک ۔ لازم و ملزوم چیز ہیں ۔ دونوں کو علیحدہ کرنا غالباً نا ممکن ہے ۔

[Mr. Sardar Mohammad Aslam]

جناب والا ! میں ایک چھوٹی سی مثال دیتا ہوں کہ میرے علاقے میں ایک چھوٹے سے گاؤں کے لیے بجلی منظور ہوئی تھی - اس کی sanction ہو گئی ، estimate منظور ہو گیا - ایکس ای این اور چیف انجینئیر سارے کے سارے زور لگاتے رہے لیکن جو لائن لگانے والا انچارج ہوتا ہے ، جس کے نام کا پتہ نہیں ہے ، اس نے کہا کہ چاہے چیئرمین کہے یا وزیر صاحب حکم دیں جب تک ۱۰۰ روپیہ میٹر کا نہیں دیں گے کنکشن نہیں لگے گا - چیئرمین خود آ کر لگائیں -

تو کرپشن دور کرنے کا یہ طریقہ میرے خیال میں مناسب نہیں ہے کیونکہ کسی کو وجہ بتلائے بغیر کسی کی سنے بغیر اس کو نوکری سے نکالنا میں سمجھتا ہوں کہ اس سے کوئی اچھے نتائج برآمد نہیں ہوں گے یعنی اتھارٹی کو یہ اختیار دے دینا کہ وہ جب چاہے ، اگر اسے اپنے کسی ملازم کی شکل پسند نہ آئے تو اسے نکال دے اور اگر ان کا لباس پسند نہ آئے تو نکال دے ، ملازم کا چال چلن پسند نہ آئے تو اسے نکال دے ، لیکن اس کے ساتھ آگے یہ کچھ بھی نہیں کہا گیا کہ کرپٹ ملازمین جو ہزاروں ، لاکھوں بلکہ واپڈا میں کروڑوں روپے کی کرپشن ہو سکتی ہے - واپڈا ایک ایسا محکمہ ہے جس میں کرپشن ہزاروں تک محدود نہیں بلکہ واپڈا میں کروڑوں روپے تک کرپشن ہو سکتی ہے - صرف کرپٹ ملازمین کو خالی نکالنے سے اگر کرپشن رک سکتی ہے تو پھر ٹھیک ہے ، لیکن جناب والا ! کسی ملازم کو نکالنے کا حق واپڈا اتھارٹی کو پہلے بھی واپڈا ایکٹ کے تحت موجود تھا - اس میں ایک process تھا کہ ان کو چارج شیٹ دے کر نکالا جا سکتا ہے ، لیکن اس طرح میں سمجھتا ہوں کہ کسی کو ملازمت سے خارج کرنے سے کرپشن ختم نہیں ہوگی ، بلکہ بڑھے گی اور یہی وجہ ہے کہ کرپشن اتنی بڑھی ہے کہ جس کا نتیجہ یہ بل نکلا کیونکہ اگر کرپشن نہ ہوتی تو یہ بل لانے کی ضرورت نہ تھی- لہذا میرے خیال میں کسی بھی ملازم کو بغیر سنے ، بغیر اس کا جواب لیے ہوئے ، کہ اس نے کیا گناہ کیا ہے ، اس کو نکال دینا ایک زیادتی ہے اس سے رشوت بڑھے گی اور اس طرح واپڈا کے ملازمین اپنے آپ کو غیر محفوظ سمجھیں گے اور یہ سمجھنے کے بعد وہ اپنے متعلقہ افسر کو جسے کہ انہیں نکالنے کا اختیار ہوگا ، اسے ہر جائز و ناجائز طریقے سے خوش رکھنے کی کوشش کریں گے محض ان دو فقروں سے بچنے کے لیے کہ :

Your services are no more required with effect from 1st January, 1976,

یہی ایک فقرہ اس کو لکھنا ہے -

محترم وزیر صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا تھا کہ سروس ٹریبونل میں ان کو یہ حق ہے کہ وہ وہاں جا کر اپیل کریں - جناب والا ! سروس ٹریبونل ضرور بنا ہوا ہے لیکن سروس ٹریبونل میں بھی کچھ شرائط ہیں - سروس ٹریبونل میں وہ شخص جاتا ہے جو یہ کہے کہ مجھے گناہ گار ثابت کیا گیا ہے یا مجھے گناہ گار تصور کر کے نوکری سے نکالا گیا ہے ، مجھے چارج شیٹ دے کر نکالا ہے نافرمانی کی چارج شیٹ دے کر نکالا گیا ہے یا مجھے کرپٹ سمجھ کر یا نا اہل سمجھ کر نوکری سے نکالا گیا ہے اور میرے ساتھ یہ زیادتی ہوئی ہے - لیکن بغیر وجہ بتائے اسے نکالنا ہو تو اس طرح وہ کیسے یہ ثابت کر سکے گا کہ مجھے کس بنا پر نکالا گیا ہے - اگر یہ ثابت ہو جائے کہ وہ واقعی کرپٹ ہے تو ٹریبونل اس کے خلاف فیصلہ کر دیتا ہے - اگر وہ ثابت

کرتا ہے کہ میں حق بجانب ہوں ، تو فیصلہ اس کے حق میں ہو جاتا ہے لیکن اس ایکٹ میں ٹریبونل کیا کرے گا جب کہ اتھارٹی کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ کسی ملازم کو بغیر وجہ بتائے کہ وہ کرپٹ ہے یا حاضر نہیں ہوتا ، اس کا سلوک ٹھیک ہے یا نہیں ، بغیر وجہ بتائے اسے برطرف کر سکتی ہے - تو پھر وہ ملازم کیا ثبوت دے گا کہ میں کیا چیز ہوں ؟ اتھارٹی کو اس میں یہ حق دیا گیا ہے کہ وہ بغیر کوئی وجہ بتائے اسے نوکری سے سبکدوش کر دے تو پھر وہ ٹریبونل کے سامنے کیسے ثابت کرے گا کہ وہ کیا ہے ؟ تو اس لیے اس میں میری گذارش یہ ہے کہ واپڈا کے تمام ملازمین کو بے اطمینانی میں ڈالا جا رہا ہے جس سے واپڈا میں کرپشن مزید بڑھے گی نہ کہ کم ہو گی - ہم اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ کرپشن ہے اور وزیر صاحب بھی اسی وجہ سے یہ اقدام اٹھا رہے ہیں - میری عرض یہ ہے کہ کوئی ایسا قدم اٹھایا جائے جس سے بڑی بڑی مچھلیاں پکڑی جا سکیں اور واپڈا سے ایسے لوگوں کی تطہیر ہو سکے ، جو پہلے سے بدنام ہیں جناب والا ! میں یہ پوچھتا ہوں کہ جن لوگوں نے ، جن میں چیف انجینئیرز شامل ہیں جن کے پاس بڑے بڑے پراجیکٹ تھے اور اربوں کا بجٹ غبن ہوا ، سٹور کے سٹور غائب ہوئے ، ان لوگوں میں سے کتنے آدمی نکالے گئے تا کہ ہمیں پتہ چلے کہ کرپشن کی روک تھام کی جا رہی ہے - لیکن جناب والا !

اگر کسی ایس ڈی او کے گھر میں ، کسی لائن مین نے کام نہیں کیا تو وہ اس کو نکال دے گا ، کسی اوورسئیر سے اگر ایس ڈی او خفا ہے تو وہ اس کو ڈسمس کر دے گا ، کسی ایس ڈی او کو چیف انجینئرز ڈسمس کر دے گا اور بغیر وجہ بتائے تو یہ sense of insecurity جاری رہے گی - دوسری جناب اس میں دو چیزیں ہیں ان کے اپنے ایکٹ کے مطابق جناب ان کے پاس پہلے ہی سیکشن ۱۸ کے تحت پاور تھی :

> "The Authority shall prescribe procedure of appointment, terms and conditions of its officers and servants, and shall be competent to take disciplinary action against its officers and servants."

تو پہلے بھی ڈسپلنری ایکشن لے سکتے تھے - انہوں نے اپنے آرگومنٹ میں یہ فرمایا ہے کہ ورکس مین پر کوئی فرق نہیں پڑا کیونکہ سول سرونٹس کی تعریف علیحدہ ہے - کوئی بھی آدمی جو واپڈا میں ملازم ہوتا ہے واپڈا کے تحت کام کر رہا ہے اس کی اس تعریف میں آئے خواہ وہ on deputation ہو یا وہ واپڈا کا اپنا اہلکار ہو لیکن deputation کے متعلق سیکشن ۱۷ میں پہلے تھا :

> "The Authority may from time to time employ such officers and servants or appoint such experts and consultants as it may consider necessary for the performance of its functions on such terms and conditions as it deems fit provided all persons and servants of the electricity and irrigation departments shall be liable to serve under the authority if required to do so on such terms and conditions as the Government may in consultation determine :

[Mr. Sardar Mohammad Aslam]

Provided further that the Provincial Government in relation to aforesaid, delegate the disciplinary and financial powers to the Authority as the Provincial Government may deem fit :

Provided that the terms and conditions shall not be varied by the authority to the disadvantage of a person who is under deputation.

اب جو deputation پر آتے ہیں اس کے سروس رول جو ہیں وہ اس کے اپنے parent department کے مطابق ہوتے ہیں ۔ وہ کسی ڈیپارٹمنٹ سے on deputation آئے ہیں اس کے parent department میں سول سروس اینڈ ایفیشنسی رولز اپلائی کرتے ہیں جو ایک باقدہ جوڈیشل پروسیجر ہے ۔ اس کو حق پہنچتا ہے کہ وہ صفائی پیش کرے گواہی پیش کرے اور اس کے ساتھ ذمہ داری بھی اسی ڈپارٹمنٹ کی ہوتی ہے کہ آیا کارروائی کرے کہ یہ گناہ گار ہے ۔ اس ایکٹ کے تحت ڈیپارٹمنٹ بھی اس میں آ جائیں گے اور بغیر وجہ کے ان کو ڈسمس تو وہ کر سکتے ہیں جیسا کہ انہوں نے کہا جناب :

> "Notwithstanding anything contained in subsection (1) or any rules made, or orders or instructions issued, by the Authority, or in the terms and conditions of service of any person employed by, or serving under the authority".

اور جو deputation پر ہیں وہ بھی آ جائیں گے اور ان کے اپنے parent department جس سے وہ آئے ہیں جو سروس رول ان کے اپلائی کرتے ہیں ان سے وہ نکل جائیں گے اور جناب وہ دونوں طرف سے اپنے parent department کے رولز پر بھی حاوی ہوں گے اور یہاں بھی حاوی ہوں گے ۔ تیسرے جناب انہوں نے یہاں جو سول سروس کی تعریف رکھی ہے کہ تمام ملازمین جو اس کے ماتحت کام کر رہے ہیں سب اس میں لے آئے اور دوسری انہوں نے جو امنڈمنٹ کی ہے ۱ - بی

> "Service under the Authority is hereby declared service of Pakistan and every person holding a post under the Authority, not being a person who is on deputation to the Authority from any Province, shall be deemed to be a civil servant for the purpose of the Service Tribunal Act, 1973."

تو دوسری امنڈمنٹ میں جو deputation ہے وہ سول سرونٹس کی تعریف میں نہیں آئے گی جو پہلی امنڈمنٹ ہے ڈسمسل کے متعلق اس میں ان کے اپلائی اور deputationists دونوں آئیں گے ۔ تو جناب میں اس کے متعلق منسٹر صاحب سے یہ عرض کروں گا کہ کرپشن کی eradication کے لیے ایسے قوانین بنائیں کہ اس محکمہ کے لوگوں کے لیے بھی عبرت ہو اور عوام کے سامنے یہ بات آ سکے کہ کرپشن کی eradication کر رہے ہیں ۔ ایسی مچھلیاں پکڑیں تاکہ پتہ چلے اور پھر جو کرپٹ ہیں ان کے لیے ڈسمس ہونا کوئی ایسی بات نہیں ہے ۔ جناب والا ! اگر ایک آدمی نے دس ، بیس ، چالیس لاکھ روپے کمائے ہیں اور اس کو ایک مہینے کی تنخواہ بھی ادا کر کے گھر بھیج دیں تو وہ ایک مہینے کی تنخواہ لے کر انگلینڈ چلا جائے گا ، تین

مہینے کے بعد واپس آ کر کنسلٹوو فرم بنا لے گا اور اسی واپڈا میں ٹھیکیدار ہو جائے گا ۔

یہ تو کوئی بات نہیں ہے جناب ۔ اگر وہ کرپشن کی وجہ سے ڈسمس ہوتا ہے تو اس نے واپڈا میں کرپشن سے جو پراپرٹی حاصل کی ہے اس کو سزا ملنی چاہئے ۔ اس کے خلاف پراسیکیوشن ہونی چاہئے اس کی وہ پراپرٹی ضبط ہونی چاہئے پھر تو عبرت ہوگی لیکن یہ جو چھوٹے ملازمین ہیں ، ان سے یہ حق لینا ان سے یہ بات پوچھنا کہ بھئی تم نے کوئی جرم کیا ہے یا نہیں کیا ویسے بھی زیادتی ہوگی ۔ ویسے قانون کا اصول ہے :

'No man shall be punished unheard'

کم از کم ان کو اتنا حق تو دے دیں کہ وہ ایکسپلینیشن لے لیں اور ان کو چارج شیٹ دے دیں کہ فلاں جگہ یہ جرم کیا ہے ٹھیک ہے اس کا جوڈیشل پروسیجر نہ رکھیں لیکن اگر اتھارٹی مطمئن ہو جائے کہ اس کا جواب جو ہے وہ اتھارٹی کے لیے باعث اطمینان نہیں ہے تو وہ ڈسمس کر سکتی ہے اور وہ عدالت میں جا سکتا ہے کچھ تو اس کو پتہ چلے کہ کیا جرم ہو گیا ہے ۔ اب وہ کون سی عدالت میں جائے گا سول میں جائے گا تو سول کورٹ والے کہیں گے کہ ٹھیک ہے ۔

The Authority can dismiss you. The Authority can terminate your services without assigning any reason.

کہ کوئی وجہ بتانی چاہئے کیونکہ اتھارٹی کا حق ہے کہ وہ کوئی وجہ نہ بتائے اگر سروس ٹریبونل میں جائے گا تو وہ اس کو جواب دیں گے کہ جب ان کو کوئی جواز نہیں پہنچتا کہ وہ کوئی وجہ بتائیں تو یہ ان کا قانونی حق ہے کہ تمہیں بغیر وجہ بتائے ڈسمس کر دیں ۔ تم کہو گے کہ بددیانت ہے ، وہ کہیں گے کہ ہم نے تو نہیں کہا کہ بددیانت ہے ۔ وہ کہے گا کہ میں نا اہل نہیں ہوں ، وہ کہیں گے کہ ہم نے تو نہیں کہا کہ تم نا اہل ہو ۔ وہ کہے گا کہ میں غیر حاضر نہیں تھا ، وہ کہیں گے کہ ہم نے تو نہیں کہا کہ تم غیر حاضر نہیں تھا ۔ تو میں عرض کروں کہ اسے reconsider کریں اور اس کی سزا سخت بنائیں تا کہ کرپشن ختم ہو لیکن ان کو اتنا حق ضرور دیں تا کہ پتہ چلے اور یہ اتھارٹی کے لیے بھی اچھا ہے کہ وہ عوام کو بتلا سکیں کہ فلاں شخص نے کیا جرم کیا ہے اور اس کو کس جرم کی بنا پر سزا دی جا رہی ہے ۔

**Mr. Deputy Chairman** : Senator Mir Afzal Khan Khoso.

**Mir Afzal Khan Khoso** : I may say a few words. Sir, this Bill that has come from the National Assembly, as passed by that Assembly, seeks to amend section 17 of the Act of 1958, subsection (1). Now, Sir, the aims and objects as stated by the honourable Minister are to equip the West Pakistan Water & Power Development Authority with power to root out corruption and inefficiency amongst its employees. As far as the basic aims and objects of this Bill are concerned, that is, to root out corruption and inefficiency from WAPDA, the entire House is with the Minister that we would like to see that there is efficiency in WAPDA. In WAPDA there is not only corruption

[Mir Afzal Khan Khoso]

but there is leakage, pilferage and theft. The honourable Minister himself has pointed out that this amendment to the Bill was not only because there have been cases of corruption in the WAPDA. Well, I think, Sir, that is quite an under statement by the honourable Minister that there have been cases of corruption, which only means that there have been few instances of corruption in WAPDA. What we all know, barring a few examples, I would not hesitate to say it is totally a corrupt institution, autonomous body or whatever it is. Sir, as far as inefficiency is concerned, corruption and inefficiency both go together. It was also pointed out, not only by the honourable Minister but also on a certain occasion on the 31st January, 1975 when the Prime Minister came to Jacobabad, and I was there. There was a certain question put up before the Prime Minister regarding WAPDA and regarding Water logging and Salinity and other Projects of WAPDA, and the Prime Minister himself called this organisation a white elephant in his 'Open Kutchery' he criticised this organisation for inefficiency. The Prime Minister did not go into the details but the honourable Minister has found it necessary to go.

Now, Sir, as I said earlier that as far as corruption and inefficiency are concerned, we would like this to be rooted out but the way the things have been shaped in this House and the way things have been presented before this House with regard to this amending Bill, in my humble opinion, this will not be No. 1, sufficient to root out the corruption and inefficiency, and No. 2, it may amount to a certain victimization of quite a number of innocent, hardworking, efficient and honest members of this organisation the WAPDA.

From the very start the amending section, Sir, reads, and I quote :

> "Notwithstanding anything contained in subsection (1) or any rules made."

Now, this refers to the rules, Sir, that even if the rules are made which are to govern the staff members or the people working in this organisation, even those rules have to be over ridden by this particular amending Act,

Then, Sir, it reads :

> "...or orders or instructions issued, by the Authority, or in the terms and conditions of service."

Sir, this is very important that all these things are being over ridden by this particular amending Act. Now, Sir, when so much authority is given to the higher ups in the WAPDA, and specially they can dismiss or discharge any one without assigning any reason—this is a very important thing without assigning any reason. Then, Sir, supersession of rules, regulations, service terms and conditions are also important. Why should they be superseded? Sir, when Acts are made and the rules are made after the Acts and they are in accordance with the Acts, then why should those rules be overlooked? The most important thing is that it is not a private service, it is not just a private firm—even, I think, in private firms there are rules and conditions and certain moral and legal obligations. Why should a person in the morning be given just a few lines on a paper and be told, "All right, either you take one month's pay or here is one month's notice, and you get out." This could be done on so many other grounds also, Sir. There might be certain prejudices—higher officials may have certain prejudices against their lower ranks because of certain reasons.

Sir, the corruption is never limited to one or two persons. Say for instance, in the stores or in a case of a big huge contract involving millions of rupees, I am sure, we all know by experience that the money does not go in the pocket of only one person. It is a syndicated type of corruption, it is shared by a large number of people. So, if an honest man there disagrees with his boss, that means he could be given one month's pay and just be told to get out, just to get rid of him so that the money is safe in those few pockets.

So, I would personally request this honourable House and make my suggestions very clear that this amending Bill is all right but to say that any person can be dismissed or discharged without assigning any reason, I would submit that this should be deleted. And point No. 2 is that just merely to dismiss a person or to give him one month's notice or pay in lieu of the notice, is not enough. As my learned friend Senator Sardar Mohammad Aslam said to that if a man is found inefficient—all right inefficiency is something different—he can be thrown out, but if there are serious charges of corruption, if he has made thirty lakhs or forty lakhs of rupees—may be a crore of rupees, because I think WAPDA has got vast amounts at their disposal, and if I am not wrong there is nobody to question even the auditing position, Sir. I hope the honourable Minister would put light on it because this is my information which may not be correct. In such a situation if a person makes millions of rupees, would it not be easy for that man even himself to maneouvre and get one month's notice from any one who has got the power and authority to give him one month's notice just to get away from all that and to see that the money is also safe. He can start his own concern, he can start his own business. I would apart from suggesting that these words," without assigning any reason a man should be thrown out, be deleted.

I would also make a request and submission before this House that there should be certain stringent laws and there should be a Vigilance Cell on a very permanent basis, comprising of honest and efficient people, who should have some power to go and look into the affairs of WAPDA. From the lower ranks upto the highest rank they should check up if there is any case of corruption, and a separate Tribunal should be set up for that purpose headed by a Judge of a High Court or something of the sort. Some arrangement of that sort can be made, so that the man does not go scot-free. This is just doing him a favour that after he makes crores of rupees then somebody tells him, rather obliges him by telling that all right this is one month's notice you can go and feed your children and seven generations beyond you. So, I do not think that will serve the purpose.

So, my humble submission is that if we really want to root out corruption we should :

(1) Safeguard also the interests of the workers and the people who are concerned with this Department. Apart from the fact that they are wholly corrupt, they must not have it against the principles of natural justice that they should not be heard or they should not be assigned any reasons. How can they go in appeal if they are not given any reasons—on the sheet of a paper just three words typed that 'You are hereby dismissed'. When the Service Rules also do not apply because this Act overrides every thing else. Sir, how can they go in appeal when they do not know what is the charge.

At the end it is said Authority has the right of appeal. Any employee of the Authority has the right of appeal to the Service Tribunal.

[Mir Afzal Khan Khoso]

What will he go and appeal against when he is just given two lines that 'you are hereby dismissed.' So, I think, that is not fair for the person. Even if he is corrupt he should be given proper opportunities to be heard. So, these words should be deleted.

(2) There should be very strict and stringent laws. We do not want corruption, we do not want inefficiency that has eroded the economy of this country. We would like some very definite steps being taken with regard to this so that those who are found corrupt they must not only be dismissed but they must be brought to book, and all the money and property that they have accumulated may be confiscated. Such laws could be made. I think, they could originate in this House or there might be even some amendments over here. The proper thing in the beginning would have been to have this Bill referred to the Standing Committee, but that stage is over and now we are expressing our views here.

So, these are my humble suggestions. I thank you.

**Mr. Deputy Chairman :** Mr. Sher Mohammad.

**جناب شیر محمد خان :** جناب والا ! جیسا کہ جناب وزیر صاحب کے اپنے الفاظ کے مطابق اس بل کی غرض و غایت یہ ہے کہ واپڈا میں corruption کا سدباب کیا جائے - اور اس کے لیے یہ بل لایا گیا ہے اس بل کے بنیادی مقصد کے ساتھ ہم سب لوگوں کو اتفاق ہے ہم چاہتے ہیں کہ واپڈا میں یا ملک کا کوئی بھی department ہو ، کوئی بھی ادارہ ہو ، اس میں کرپشن کا سدباب ہو - کرپشن ، بددیانتی ، نااہلی ، ان کے سدباب کے لیے جتنے بھی قوانین بنیں اس ہاؤس کا ایک ایک ممبر اس میں وزیر صاحب کا ساتھ دے گا - لیکن جہاں پر میرے دوسرے دوستوں ، سردار محمد اسلم اور مسٹر افضل خان کھوسو ، نے اپنے خدشات کا اظہار کیا ہے میں بھی اس بارے میں ان کے ساتھ شریک ہوں اور خود وزیر صاحب نے بھی بڑی حدتک اس چیز کا اعتراف کیا ہے کہ واپڈا میں کرپشن ہے ، inefficiency ہے - میں بھی آپ کے توسط سے مثال کے طور پر وزیر صاحب کے نوٹس میں لے آنا چاہتا ہوں - کہ جناب حیات محمد خان شیر پاؤ مرحوم نے اپنے زمانے میں قدرتی ذرائع کے وزیر ہونے کی حیثیت سے اعلان کیا تھا کہ ملک کے جو دور دراز کے علاقے ہیں جہاں بھی بجلی کی لائین لے جانے میں تکلیف ہوتی ہے یا زیادہ خرچ آتا ہے ایسے علاقوں کے لیے ، پبلک کے لیے انہوں نے commitment کی تھی کہ آپ کو لوکل جنریٹر ہائیڈرالک اسکیم وغیرہ سے بجلی دی جائے گی - اس سلسلے میں feasibility رپورٹ اور کاغذات متعلقہ محکمے کو بھیج دی ہے اور اس کے لیے سروے ہو رہا ہے - جناب حیات محمد خان کی وفات کے بعد دو ڈھائی سال جناب یوسف خٹک کی وزارت کو ہو گئے ہیں - دیر کے علاقہ جات میں ، سوات کے علاقہ جات میں ، گلگت کے علاقہ جات میں جہاں کے لیے لوکل جنریٹرز کی اسکیم تھی ، دو ڈھائی سال ہو گئے ہیں پتہ نہیں ہے کہ اس اسکیم کا کیا بنا ہے ، ان علاقوں کے لوگوں کی قسمت کا کیا فیصلہ ہوا ہے - اس بات سے ظاہر ہوتی ہے واپڈا کی efficiency اور inefficiency کہ دو ڈھائی سال گزر گئے ہیں لیکن آج تک لوگوں کو علم نہیں ہو سکا کہ وہاں لوکل جنریٹرز لگنے ہیں یا mainline جانی ہے ، وہاں کے لوگوں کو بجلی دینی بھی ہے یا

کہ نہیں کیونکہ ان دریاؤں سے بجلی بن رہی ہے ۔ مالا کنڈ اور دریائے سندھ سے تربیلا میں انشاءاللہ زیادہ بجلی بنے گی لیکن وہ لوگ محروم ہیں ۔ یہ ہے efficiency کی بات ۔

جناب والا ! کل وزیر موصوف نے دیانت داری اور بددیانتی کا ذکر اپنی تقریر میں کیا تھا ۔ انہوں نے کہا تھا کہ ملک کے دوسرے ڈیپارٹمنٹ کی طرح واپڈا کے ڈیپارٹمنٹ میں کرپٹ لوگ ہیں ۔ انہوں نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ واپڈا میں اچھے لوگ زیادہ ہیں ، خدا کرے کہ واپڈا میں زیادہ لوگ اچھے ہو جائیں ۔ لیکن جناب والا ! یہ بل جس کا بنیادی مقصد کرپشن اور بدعنوانی کا سد باب کرنا ہے ، inefficiency کا سد باب کرنا ہے اس سے اس بات کا خدشہ ہے کہ کیا اس سے جو کرپٹ لوگ ہیں ان کو تقویت ملے گی یا ان لوگوں کو تقویت ملے گی جو اہل ، دیانتدار اور ایماندار ہیں جناب والا ! میں عرض کرتا ہوں کہ ہر ایک کیٹیگری کے ملازمین کی ریکروٹنگ کی اتھارٹی اور ڈسمسل کی پاورز آفیسروں کے پاس ہوں گی ۔ یہ بات ظاہر ہے کہ کرپٹ لوگوں کا آپس میں اتحاد ہوتا ہے اور اپنے اس اتحاد کو برقرار رکھنے کے لیے ، اپنی کرپشن ، دھونس دھاندلی اور بے ایمانی پر پردہ پوشی کے لیے جو وہاں اچھے ، معصوم ، دیانتدار اور اہل لوگ ہیں ، ان کا eradication کریں گے ، ان کو نقصان پہنچائیں گے ۔ اگر جناب والا ! اس بل کو لانے کا یہ مقصد ہے کہ اس سے کسی دیانتدار ، ایماندار آدمی کو تکلیف نہیں پہنچے گی اور اس قانون سے صرف بدعنوان لوگوں کی eradication مراد ہے، پھر تو یہ قانون ٹھیک ہے، لیکن اس کے لیے کیا طریقہ اس قانون میں رکھا گیا ہے ، اختیارات کن لوگوں کے پاس ہوں گے ۔ صرف ایک آدمی کو ایک مہینے کا نوٹس دے دینا یا اسے ایک مہینے کی تنخواہ دے دینا کہ ہمیں آپ کی کوئی ضرورت نہیں ہے ایسے آرڈرز ایک افسر جاری کرتا ہے کہ آج سے تم واپڈا کی ملازمت میں نہیں ہو ۔ یہ جو اختیارات ہیں یہ کن لوگوں کے پاس ہوں گے ، یہ اختیارات ، ریکروٹنگ کے اور ڈسمسل کے انہی افسروں کے پاس ہیں ۔ اگر یہ آفیسرز جن کو یہ اختیارات دئے جا رہے ہیں یہ ایماندا ، دیانتدار ، مخلص ، efficient ہیں تو پھر ہمیں شک نہیں ہے ان خوبیوں کو مد نظر رکھتے ہوئے ان سے توقع ہے کہ وہ کرپٹ آدمیوں کو نکالیں گے اور دیانتدار آدمیوں کو نہیں نکالیں گے ۔ لیکن خدشہ یہ ہے کہ اگر یہ اختیارات کرپٹ لوگوں کے ہاتھ میں آ گئے تو پھر ان کے ہاتھوں میں بہت طاقت آ جائے گی اور وہ کسی بھی اپنے چھوٹے ملازم کو جب وہ کرپشن میں ان کا ساتھ نہیں دے گا ، ان کی بددیانتی میں حصہ دار نہیں بنے گا یا کوئی ان کو حصہ نہیں دے گا تو وہ اس شخص کی ملازمت کو ایک ماہ کا نوٹس دے کر یا ایک مہینے کی ایڈوانس تنخواہ دے کر اس کی سروس ختم کر دیں گے اور اسے گھر بھیج دیں گے ۔

جناب والا ! میں وزیر موصوف کے نوٹس میں آپ کی وساطت سے یہ بات لانا چاہتا ہوں اور جیسا کہ سردار محمد اسلم اور جناب افضل کھوسو نے اپنے اپنے خدشات کا اظہار کیا ، میں ان کے خدشات میں برابر کا شریک ہوں کہ بددیانت آدمی خواہ وہ بڑا ہے یا چھوٹا چپڑاسی ہے یا چیف انجینیر ، اس کو نکالیں ہم ان کا قانون بنانے میں ساتھ دیتے ہیں لیکن بدعنوانی کرنے والے کی صرف یہ سزا نہیں ہونی چاہیے کہ اسے ایک مہینے کی تنخواہ دے دی یا اسے ایک مہینے کا نوٹس دیا کہ آپ کی ملازمت ختم

[Mr. Sher Mohammad Khan]

ہو گئی ہے اگر وہ بد دیانت ہے تو جناب والا ! اسے تنخواہ دینے کی کیا ضرورت ہے؟ اس نے بد دیانتی سے لاکھوں ، کروڑوں روپے کمائے ہوں گے ، اس کو اور پیسے دینے کی کیا ضرورت ہے ؟ اس کی سزا یہ ہونی چاہیئے کہ اسے سر بازار لا کر ننگا کیا جائے اور اس قسم کی سزا دی جائے کہ ملک کے دوسرے ڈیپارٹمنٹس بھی اس سزا سے عبرت حاصل کریں - انہوں نے بد دیانت کے ساتھ نرمی روا رکھی ہے کہ اسے ایک مہینے کی تنخواہ دے دی اور ایک مہینے کا نوٹس دے دیا تاکہ اس مدت میں تمام دوسرے بدعنوان ملازمین سے مل کر اپنی صفائی کے لیے گراونڈز بنا لے اور وہ کرپٹ لوگوں سے مل کر ایسا مواد پیدا کر لے کہ وہ اپنی صفائی پیش کر سکے تاکہ ''اس'' کرپٹ کو ملازمت سے نکالا نہ جا سکے - کرپٹ لوگوں کی backing بہت مضبوط ہوتی ہے ، ان کے اپنے ہاتھ مضبوط ہوتے ہیں کیونکہ کرپٹ لوگوں کے ایک دوسرے کے ساتھ شیئرز ہوتے ہیں جس طرح میرے معزز دوست جناب افضل خان کھوسو نے کہا ہے کہ ان کی کرپشن سنڈیکیٹ ٹائپ کی ہوتی ہے - اس میں کئی لوگ ملے ہوتے ہیں -

[*At this stage the Chair was vacated by Mr. Deputy Chairman and occupied by Mr. Presiding Officer (Mr. Ahmad Waheed Akhtar)*].

**جناب شیر محمد خان :** انہی گذارشات کے ساتھ ، جہاں تک اس بل کے بنیادی مقاصد ہیں ان کی تائید کرتا ہوں اور اتفاق کرتا ہوں کہ کرپشن ختم ہونا چاہیے - اس کی ایک دوسری صورت یہ ہو گی کہ اس بل کی بنا پر دیانتدار لوگوں کو نکالا جائے گا اور جو کرپٹ ہیں وہ رہیں اور ہمیں ایماندار آدمی کوئی نظر نہیں آئے گا یا تو پھر سینٹ پرسینٹ نا اہل لوگ ہوں گے یا سینٹ پرسینٹ کرپٹ لوگ ہوں گے ، سینٹ پرسینٹ بدعنوان لوگ ہوں گے ، سینکڑوں آدمیوں میں ہم دیکھیں کہ بھائی دیانتدار کون سا ہے جس کو ہم بنیاد بنا کر اندازہ لگائیں کہ یہ آدمی دیانتدار ہے اور اس کے ساتھ یہ بد دیانت ہے - میں نے اپنے خدشات وزیر صاحب کی خدمت میں عرض کر دئے ہیں - آپ بے شک قانون بنائیں ، بدعنوانی اور کرپشن کو ختم کریں inefficient ملازمین کو خواہ وہ چھوٹے ہوں یا بڑے ، ان کو سزا دینے کے لیے قانون بنائیں ہم آپ کے ساتھ ہیں لیکن ان معصوم ملازمین کی جو کہ دیانتدار ہیں سروسز ، حقوق اور مفادات کا تحفظ کریں اور خیال رکھیں - ان گذارشات کے ساتھ میں آپ کا شکر گذار ہوں -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** کیانی صاحب !

**جناب نرگس زمان خان کیانی :** جناب والا ! اس بل پر وزیر موصوف نے کل تقریر کرتے ہوئے یقین دلایا تھا کہ اس ملک کے واپڈا کے محکمہ سے رشوت کا جنازہ نکال دیں گے ان کی اس یقین دہانی کو قبول کرتے ہیں - اس کے ساتھ ہی انہوں نے اس بات کا بھی اقرار کیا تھا کہ واپڈا میں کافی لوگ رشوت خور ہیں لیکن اس اقرار کے اظہار کے ساتھ ہی ساتھ انہوں نے اس ''اقرار'' پر پردہ ڈالتے ہوئے یہ بھی ارشاد فرمایا تھا کہ واپڈا میں اکثریت ان لوگوں کی ہے جو ایماندار ہیں -

جناب والا ! میرے خیال کے مطابق یہ بات صحیح نہیں ، میں اس سے اتفاق نہیں کروں گا کہ واپڈا کے محکمہ میں اکثریت ان لوگوں کی ہے جو ایماندار ہیں ، دیانتدار

ہیں - یہ وہ واپڈا ہے جس کے متعلق پبلک جلسوں میں ہمارے قائد نے کئی بار ارشاد فرمایا کہ واپڈا کا محکمہ بددیانت ہے اور انہوں نے واپڈا کو ''سفید ہاتھی'' سے تشبیح دی - اس کی مثال ایسے ہی ہے جیسے ''ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور'' تو اس واپڈا کے متعلق یہ بات ماننے کے قابل نہیں ہے کہ اس واپڈا میں بھی اکثریت ان لوگوں کی ہے جو دیانت دار ہیں - مجھے یہ بھی خدشہ ہے کہ تقریباً ہر محکمے میں اور خاص طور پر واپڈا کے محکمے میں اکثریت ان لوگوں کی ہے جو بددیانت ہیں ، اقلیت میں وہ لوک ہیں جو دیانت دار ہیں - اس لیے مجھے اس بات کا خدشہ ہے کہ کہیں دیانتدار لوگوں کو نشانہ نہ بنایا جائے کیونکہ ہمیشہ دیانتدار لوگوں کی یہ فطرت ہوتی ہے کہ وہ ''جی حضوری'' نہیں ہوتے ' وہ بدعنوانی کے کاموں میں کم حصہ لیتے ہیں - اسی وجہ سے یہ بے چارے مار بھی کھاتے ہیں ، آفیسران بالا انہی کو نشانہ بناتے ہیں -

پھر جناب والا ! جہاں تک سزا کا تعلق ہے ، تو میرے خیال میں یہ کوئی سزا نہیں ہے کہ چھوٹے ملازم یا افسر کو بد عنوان ثابت کرتے ہوئے ، اسے ایک مہینے کی تنخواہ دے کر یا ایک مہینے کا نوٹس دے کر اس کی سروس ختم کر دی جائے اور اسے گھر بھیج دیا جائے - جناب چیئرمین ! میرے خیال کے مطابق بددیانت اور رشوت خور ملازمین کا جہاں تک تعلق ہے ، انہوں نے لاکھوں ، کروڑوں روپے کمائے ہوتے ہیں اور وہ خود یہ چاہتے ہیں کہ کوئی ایسا موقع پیدا ہو کہ ہم کو گھر بھیج دیا جائے تا کہ وہ اپنے گھر میں جا کر ان روپوں سے جو انہوں نے کمائے ہوتے ہیں ، کاروبار کریں اور خاص طور پر واپڈا کے محکمہ میں تو یہ ہے کہ ان افسران نے جو کہ نکالے جاتے ہیں ، واپڈا کے موجودہ حکام کے ساتھ مل کر کام کیا ہوتا ہے اسی واقفیت کی آڑ میں وہ ٹھیکے لے کر کروڑوں روپے کماتے ہیں - اس لیے میری گذارش ہے کہ اگر ان کو سزا دینی ہی مقصود ہے ، ان کو سزا دینا ہی مطلوب ہے تو سزا کے لیے اس شکل میں دیکھا جائے کہ انہوں نے کتنی جائداد بنائی ہے ، کتنے بنگلے بنائے ہیں ، کتنی کوٹھیاں بنائی ہیں کتنی دکانیں بنائی ہیں اور کتنی مارکیٹس بنائی ہیں ان چیزوں کو بنیاد بنا کر سزا دی جائے - اگر ایسا نہ کیا جائے تو یہ رشوت کا بازار گرم رہے گا اور رشوت ستانی ، بد عنوانی واپڈا کے محکمے سے کبھی ختم نہیں ہو گی -

جناب والا ! اس سلسلے میں ، میں ایک چھوٹی سی مثال دیتا ہوں گو کہ وہ اس بل سے متعلقہ نہیں ہے - جناب چیئرمین ! اگر آپ راولپنڈی کے صدر بازار میں تشریف لے جائیں تو آپ دیکھیں گے کہ ڈلہوزی روڈ پر ، ایک فرلانگ کے فاصلے پر ایک ڈبل سٹوری کی مارکیٹ بنی ہوئی ہے جو کہ پٹواری نے بنائی ہے - یہ مارکیٹ کچھ عرصہ پہلے کی بنی ہوئی نہیں ہے - یہ بالکل ابھی ابھی ، انہی دنوں میں بنی ہے - اگر یہ پہلے کی بنائی ہوئی ہوتی تو یہ خیال کیا جا سکتا تھا کہ ہو سکتا ہے کہ یہ اس کے آباواجداد نے بنائی ہو - تو اس بات پر میں حیران ہوں کہ ایک پٹواری کی حیثیت کے لوگ اتنی بڑی بڑی مارکیٹیں بناتے رہے ہیں -

تو جناب والا ! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر اس قسم کے ایک ملازم کو سزا کے طور پر ڈسمس کر کے اسے گھر بھیج دیا جائے تو میرے خیال میں اس کی بقایا زندگی سکون کی زندگی ہوگی ، آرام کی زندگی ہوگی - جہاں تک رشوت خوری اور

[Nargis Zaman Khan Kiani]

بد دیانتی کی سزا کا تعلق ہے کہ اسے ایک مہینے کی تنخواہ یا نوٹس دے کر گھر بھیج دیا جائے ، تو میرے خیال میں یہ کوئی سزا نہیں ہے -

جناب والا ! اس قانون کے بننے کے بعد مجھے یہ بھی خدشہ محسوس ہو رہا ہے کہ lower grades کے ، چھوٹے ملازمین جو ہیں جو اپنے افسران کی بلا وجہ ''پوجا پاٹ'' نہیں کرتے ، وہ ان کا نشانہ بنیں گے - تو اس لیے میں وزیر موصوف کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ اس بات کا خیال رکھا جائے- جس طرح انہوں نے کل کی تقریر میں یہ یقین دھانی کرائی تھی ، اطمینان دلایا تھا کہ ایسا نہیں ہونے دیا جائے گا اور واپڈا کے محکمہ سے رشوت کا جو بازار گرم ہے اس کا جنازہ نکال دیں گے ، اگر ان کا یہی عزم ہے ، یہی ارادہ ہے ، تو ہم ان کا ساتھ دیں گے اور سینیٹ کے معزز ممبران ان سے تعاون کریں گے - ہماری خواہش ہے کہ خدا کرے ، اس محکمہ سے راشی لوگوں کو نکالا جا سکے - میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں -

**Mr. Presiding Officer :** Yes, Qazi Sahib.

**جناب قاضی فیض الحق :** جناب چیئرمین ! اس وقت جناب والا ! ہمارے زیر نظر جو بل ہے جس کی وضاحت اپنے جناب وزیر موصوف نے کر دی ہے کہ واپڈا میں کالی بھیڑیں ہیں - ان کالی بھیڑوں کا واپڈا کے محکمے سے جنازہ نکال کر رہیں گے اور یہ بل اسی لیے لایا جا رہا ہے ، کرپشن اور inefficiency کو ختم کرنے کے لیے یہ بل لایا جا رہا ہے ، تو جناب والا ! اس سلسلے میں ، میری عرض یہ ہے کہ جہاں تک inefficiency اور کرپشن کو ختم کرنے کی کوشش ہو رہی ہے ، اس کے لیے یہ بل ، جو لایا جا رہا ہے ، بہت مفید ہے -

جناب والا ! جیسا کہ میرے فاضل دوست نے فرمایا ہے کہ سب سے پہلے واپڈا میں inefficiency اور کرپشن کی نشاندہی ہمارے قائد جناب ذوالفقار علی بھٹو نے کئی مواقع پر کی اور ان کے سامنے واپڈا میں بد عنوانی کے متعلق کئی شکایتیں لوگوں نے کی ہیں اس لیے انہوں نے واپڈا کو 'سفید ہاتھی' کہا ہے اور ان کی نشاندہی پر واپڈا کے محکمے کے پارلیمانی سیکریٹری سردار عنایت الرحمان خان عباسی کا بیان ہماری نظروں سے گزرا ، جس میں انہوں نے اعتراف کیا ہے کہ واپڈا میں کرپشن بہت بڑے پیمانے پر ، huge contracts میں ہوتی ہے اور بہت بڑے سٹورز میں ہوتی ہے - انہوں نے اس سلسلے میں مثال گدو بیراج کی دی ہے - گدو بیراج کے سٹورز میں غبن نہ صرف لاکھوں روپوں کا ہوا ہے بلکہ کروڑوں روپوں کا ہوا ہے - اس بات کا علم ساری قوم کو ہے ، لیکن واپڈا کے پاس کوئی ایسا قانون نہیں تھا ان کرپٹ آفیسروں کو نکال دیا جائے یا انہیں سزا دی جائے - بجائے سزا پانے کے وہ ترقیاں پا کر بڑے بڑے پراجیکٹس میں چلے گئے ہیں - ہماری عوامی گورنمنٹ نے جو ملک میں اصلاحات کی ہیں ، ان اصلاحات کی وجہ سے واپڈا اس ملک میں ایک اہم کردار ادا کرے گا - اگر واپڈا میں اس قسم کی کالی بھیڑیں ہیں تو وہ نہ صرف غبن کرتی ہیں بلکہ ملک میں ترقیاتی اسکیموں کا بھی بیڑہ غرق کرتی ہیں - گورنمنٹ کی جو پالیسیاں ہوتی ہیں ، جو اس کے منصوبے ہوتے ہیں ، وہ ان کو فیل کرنے کی کوشش کرتے ہیں - اس لیے ایسے قانون کی بہت ضرورت تھی تا کہ ایسے افراد سے موثر طور پر نمٹنے کے لیے inefficiency

کو ختم کرنے کے لیے اقدامات کئے جا سکیں ۔ اسی مقصد کے لیے یہ بل لایا جا رہا ہے ۔ اس امر کی نشاندہی ہمارے وزیر اعظم نے کی ہے ۔ ہم تمام ہاؤس کے ممبر وزیر موصوف کی حمایت کرتے ہیں کہ ایسے اقدامات ہونے چاہئیں جن سے اس قومی ادارے کو صاف کیا جائے لیکن بات یہ آتی ہے کہ کس طریقے سے ۔ کیا ایسے افراد کو ایک مہینے کا نوٹس دے کر یا ایک مہینے کی ایڈوانس تنخواہ دے کر رخصت پر بھیج دیا جائے کہ ''جاؤ تم گھر میں جا کر آرام کرو'' ۔ تو اس سے کرپشن اور inefficiency ختم ہو جائے گی ؟

جناب والا ! جب سے یہ بل ہمارے پاس آیا ہے ، میرے خیال میں ہاؤس کے تمام معزز ممبران کے پاس لوئر طبقے کے ملازمین ، ورکرز یونینز کی طرف سے ان خدشات کا اظہار برابر خطوط کی صورت میں کیا جا رہا ہے کہ اس بل سے ورکرز میں بے اطمینانی پھیلی ہوئی ہے کیونکہ اس میں وضاحت نہیں ہے کہ آیا بڑے افسر یا ورکرز اس کی زد میں آئیں گے ۔ جن چھوٹے ملازمین کے تحفظ کے لیے ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے عوامی حکومت نے لیبر پالیسیاں بنائی ہیں ، لیبر اصلاحات کی ہیں ، ان ہی کی طرف سے برابر ہمارے پاس شکایتیں آ رہی ہیں اور ان خدشات کا اظہار کیا گیا ہے ۔

اب جناب والا ! دوسری بات یہ ہے کہ جہاں تک اس میں سزا involve ہوتی ہے ، ہم اللہ کے فضل سے مسلمان ہیں اور ہمارے آئین میں یہ بات ہے کہ اسلام کے منافی اس پاکستان میں کوئی قانون نہیں بنے گا جو اسلام کے بنیادی قانون سے متصادم ہو ۔ غبن اور بد عنوانی اسلام میں گناہ کبیرہ ثابت کیا گیا ہے ۔ اس کے لیے سزا مقرر ہے لیکن سزا کسی کو بھی چارجز لگنے کے بعد ، اس کی صفائی سنے بغیر نہیں ہونی چاہئے یہ تو یک مشت و بیک بینی و دو گوش والی بات ہے کہ بغیر وجہ بتائے اس کو سزا دی جائے تو میرے خیال میں ایسے قوانین ہمارے آئین سے متصادم ہوتے ہیں ۔

جناب والا ! کسی کو وجہ بتائے بغیر سروس سے نکالنے سے دو طرح کے خدشات سامنے آتے ہیں ایک تو یہ ہے کہ کیا کرپشن کو اس سے تحفظ ملے گا جس طرح اس بابت میں میرے دوست نے فرمایا کہ کرپٹ آفیسران کسی طریقے سے اپنے آپ کو higher آفیسران کے نوٹس دلا کر ڈسمسل نوٹس لے لیں گے یا جس طرح واپڈا نے ، میں ایک چھوٹی سی مثال دیتا ہوں ، واپڈا کی کارکردگی کی ، واپڈا نے بڑی بڑی روڈوں کے بڑے بڑے کنٹرکٹ لینا شروع کر دئے تھے ۱۹۷۱ء میں بلوچستان میں آر سی ڈی ہائی وے بن رہی تھی تو اس میں ایک کنٹرکٹ آیا ۔ ڈیڑھ کروڑ روپے کا واپڈا نے estimate دیا ۔ مجھے معلوم ہے کہ لوکل فرمز اور پرائیویٹ فرمز نے اس کو جو ٹینڈر دیا وہ ۶۶۶ لاکھ روپے کا تھا

for the urgency of the work because WAPDA has got machinery and everything.

تو lowest کنٹرکٹرز کا ریٹ منظور نہیں کیا گیا اور پھر بات چیت کر کے واپڈا نے بہانہ یہ بنایا کہ پرائیویٹ کمپنی یہ بندوبست نہیں کر سکے گی اس لیے یہ کام واپڈا کو دیا جاتا ہے ۔ مجھے علم ہے کہ ایک کروڑ تیس لاکھ روپے میں دیا گیا اور جہاں تک اسے جلد ختم کرنے کا تعلق ہے وہ چھ مہینے کی بجائے دو سال تک یہ کام جاری

[Mr. Qazi Faizul Haque]

رہا اور آج تک آر سی ڈی کے چہرے پر یہ بد نما داغ ہے جو اسٹیچ ہائی وے کے ذریعے واپڈا نے وہاں بنایا - تو عرض یہ ہے کہ مہربانی کر کے واپڈا کو پاک کیا جائے - باقی national importance کے کنٹریکٹرز میں اس کو شریک نہ کریں اور باقی جو ایماندار کمپنیاں ہیں ، ان کو موقع دیا جائے تو وہ بھی کام کریں - ہر چیز میں واپڈا اپنی من مانی نہ کرے کہ صاحب بڑے بڑے کنٹریکٹ صرف واپڈا ہی کر سکتا ہے - دوسری عرض یہ ہے کہ جس طرح ہمارے پارلیمانی سیکرٹری عباسی صاحب نے فرمایا تھا کہ کروڑوں روپے کا غبن ہوا اور ان انجینئرز نے کروڑوں روپے کا غبن کیا تھا ہمارے وزیر صاحب بھی جانتے ہیں تو کیا ان لوگوں کے خلاف کوئی ایکشن لیا گیا ہے - باقی اس قانون کے تحت واپڈا اتھارٹی کو جو یہ اختیار دے رہے ہیں کہ بغیر کسی نوٹس کے ، بغیر کوئی وجہ بتائے واپڈا کے کسی ملازم کو سروس سے نکال سکتی ہے تو میرے خیال میں یہ اس ہمارے اسلامی انصاف کے خلاف ہوگا اور اس طرح ورکرز کے خدشات اور کم تنخواہ پانے والے واپڈا کے ملازمین کے خدشات صحیح معلوم ہوتے ہیں - ہمیں اس میں کوئی اعتراض نہیں ہے بلکہ ہم سب اس بات پر متفق ہیں کہ کرپشن ختم ہو - اعتراض صرف اس بات پر ہے کہ بغیر وجہ بتائے کسی کی سروس ختم نہیں کرنی چاہئیے - اس کو چارج شیٹ دے دیں یا اگر یہ اختیار آپ دینا چاہتے ہیں تو پھر اس کو نہ دیں جس کا ماضی یہ رہا ہو کیونکہ وہاں وہی لوگ موجود ہیں - پھر مہربانی کر کے اس میں نیک لوگوں کو لائیں - یہ ٹھیک ہے کہ اس میں ہزاروں تحویلیں پیش کی جاتی ہیں لیکن میں جناب وزیر صاحب سے یہ گذارش کروں گا کہ وہ یہ اختیار ایسے افراد کو دیں جن کی شخصیت شک و شبہ سے بالا ہو وہ غیر جانب دار ہوں - پھر ہم سب سمجھیں گے کہ انہوں نے جو فیصلہ کیا ہے وہ ٹھیک ہے کیونکہ اس میں ان کی اپنی کوئی دلچسپی نہیں ہے اور وہ جو کچھ کریں گے اسے صحیح سمجھا جائے گا - کم از کم انصاف تو ہو - تو ان گذارشات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں - شکریہ -

**جناب صدارت کننده آفیسر : نبی بخش زہری -**

**جناب میر نبی بخش زہری :** جناب چیئرمین ! زیر بحث بل کے متعلق معزز ممبران اور دوستوں نے اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے اور میرے خیال میں بہت کچھ مفید تجاویز انہوں نے پیش کی ہیں جن کی میں قدر کرتا ہوں - اس ہاؤس کے معزز ممبران نے ملک کے مفاد کی خاطر بڑی محنت کی ہے اور معاملہ کو سمجھنے کی کوشش کی ہے اور بہتر سے بہتر انداز میں تجاویز پیش کی ہیں - میں کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ ہماری جو گورنمنٹ ہے پرائم منسٹر صاحب یا اس کی کیبنٹ اور معزز وزراء ، اور جناب محمد یوسف خٹک کی قدر کرتا ہوں کہ انہوں نے رشوت ستانی اور نا اہلی کو پوائنٹ آؤٹ کر کے ، کیبنٹ میں پیش کیا اور حکومت نے اس تجویز کو پسند کیا اور یہ بل پہلے نیشنل اسمبلی سے پاس ہو کر ہمارے پاس آیا ہوا ہے -

اب جہاں تک مقصد کا سوال ہے وہ قابل تعریف ہے - میرے خیال میں یہ سب سے پہلا وزیر ہوگا جس نے ہمارے سامنے اس مخصوص بل کو مخصوص انداز میں لا کر

پیش کیا ہے - اب جہاں تک واپڈا میں کرپشن کا تعلق ہے ، وہ تو واضح ہے - میں اس سلسلے میں ایک مثال دیتا ہوں - میرے صوبے سے متعلق ایک کنٹریکٹ تھا جو کہ فنانس منسٹر صاحب نے جناب پرائم منسٹر کی ہدایت کے مطابق منظور کیا وہ بھی اور سبی میں پاور فورس کے متعلق تھا اور ہمارا مقصد اور ہمارے قائد عوام کا مقصد یہ تھا کہ یہ کام جتنا جلدی ہو سکے ہو جائے تو lowest کو میرے خیال میں نہیں دینا چاہئے تھا لیکن شاید کسی وجہ سے مجھے تفصیل معلوم نہیں کہ وہ کیا ہے ، بہر حال اس کے متعلق اس حد تک کہا گیا کہ لون جو ہے وہ کسی اور ملک کا ہے مگر lowest جو ہیں وہ اور ملک کے کنٹریکٹر ہیں جو جتنے ٹائم میں چاہتے ہیں کر سکتے ہیں - مگر یہ نہیں ہو سکتا - چنانچہ میں نے ذاتی طور پر فنانس منسٹری میں یہ کوشش کی کہ آپ لوگ مہربانی کریں - جس ملک کا lowest ہے اس ملک کا لون آپ لوگ منظور کریں - میں فنانس منسٹری کی قدر کرتا ہوں اور جو اکنامک ڈویژن ہے اور جو فنانس منسٹری سے متعلق آفیسرز ہیں یا منسٹر ہیں انہوں نے بلوچستان کی ترقی کی خاطر پرائم منسٹر صاحب کی منشا کو دیکھتے ہوئے وعدہ کیا تھا کہ یہ بیک ورڈ علاقہ ہے اس کی خاطر انہوں نے لون تبدیل کر کے اس ملک کا لون منظور کرایا جس ملک کا lowest تھا تا کہ یہ جلدی ہو جائے -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** زہری صاحب ، یہ باتیں بہت اچھی ہیں لیکن اس بل سے متعلق نہیں ہیں - بہت دور کی کوڑی آپ لا رہے ہیں -

**جناب نبی بخش زہری :** رشوت سے متعلق بات کر رہا ہوں -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** زہری صاحب ، رشوت تو ایک علیحدہ مسئلہ ہے - اس پر آپ کسی اور انداز سے بھی گفتگو فرما سکتے ہیں - اس وقت جو بل پیش نظر ہے ، اس پر گفتگو فرمائیں - میں یہ نہیں عرض کر رہا ہوں کہ یہ بات غیر متعلق ہے لیکن اس بل کی حد تک کچھ غیر متعلق ہوتی جا رہی ہے -

**جناب نبی بخش زہری :** میں اسے جانے نہیں دوں گا متعلق کرتا ہی جاؤں گا فکر نہ کیجئے -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** بل کی طرف بھی ذرا غور فرما لیجئے -

**جناب نبی بخش زہری :** جناب چیئرمین ! جب یہ خیال آیا یہ بھی ہو گیا تو آپس میں بیٹھ کر فیصلہ کیا کہ صاحب ہم یہ خود ہی کرنے کے لیے تیار ہیں - میں رشوت سے متعلق ایک مثال دے رہا ہوں - جنہوں نے مثالیں دی ہیں میں ان مثالوں میں ایک اور مثال کا اضافہ کر رہا ہوں ، جیسا کہ کھوسو صاحب نے جیکب آباد کا حوالہ دیا تھا وہ بھی اتنا ہی متعلق تھا ، اتنی ہی گہرائی میں تھا جتنی کہ میری مثال ہے اور جناب چیئرمین صاحب ! آپ اس کی گہرائی طول اور عرض کو بھی دیکھئے - میں اس کو بالکل رشوت کے قریب لا رہا ہوں - تو عرض یہ ہے کہ انہوں نے پھر فیصلہ کیا کہ چونکہ دینا ہی نہیں ہے ، ان کو ملتا کچھ نہیں ہوگا - میں تو نہیں جانتا - مقاصد ہمارے یہ تھے کہ قائد عوام کی منشا اور ہمارے لوگوں کی ضرورت دونوں باتیں پوری ہو جاتیں - تو انہوں نے سرے سے فیصلہ کیا کہ اتنا عرصہ فلاں

[Mr. Nabi Bux Zehri]

جگہ پر پھیلا رہے ہیں ہم کوشش کریں گے - تو اس کا مقصد یہ ہوا کہ وہ کام کو غالباً کریں گے ہی نہیں - ہم کو اس بات کا دکھ ہے ، جیسا کہ ہمارے دوست قاضی صاحب ہیں ، نام کے بھی قاضی ہیں اور خاندانی طور پر بھی قاضی ہیں ، جنہوں نے اسلام کا حوالہ دیا - مجھے خوشی ہے کہ انہوں نے بہت سارے اسلامی نکات کا حوالہ دیا - مجھے بحیثیت ایک مسلمان کے اتفاق ہے - اب ہمارے سامنے نیشنل اسمبلی سے پاس شدہ بل ہے جناب چیئرمین ! میں نہیں جانتا کہ سرکاری طور پر اس میں کچھ تجویزیں اسنڈ ہوئی ہیں کہ نہیں - - - -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** نہیں ، ابھی تک کوئی تحریری یا زبانی امنڈمنٹ نہیں آئی تجویز کی صورت ہے -

**جناب نبی بخش زہری :** زبانی آئی ہے تحریری شاید نہیں آئی -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** امنڈمنٹ کی صورت میں کوئی بات نہیں آئی - تجویز کی صورت میں ضرور آئی ہے -

**جناب نبی بخش زہری :** اچھا جناب اب عرض یہ ہے کہ میں آنریبل منسٹر سے کہوں گا کہ جہاں تک کہ آفیسرز کو نکالنے کا تعلق ہے بہت سارے ممبران نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ رشوت خور لاکھوں کروڑوں روپے لے کر کے خود رشوت دے کر کے اپنے کو نکلوائیں گے ، وہ بھی شاید ایمانداری سے خدشہ ہے کہ اپنے آپ کو نہیں نکلوائیں گے بلکہ وہ رشوت دے گا کہ میں پورا ہو چکا ہوں ، کروڑوں روپے یا لاکھوں روپے اپنے سائیز سے زیادہ لے چکا ہوں ، وہ رشوت دے کر کہے گا کہ مجھے نوٹس دو - میں آپ کی وساطت سے آنریبل منسٹر صاحب کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ وہ مہربانی کریں ، ذاتی طور پر خود اس مسئلہ کو دیکھیں کہ آیا رشوت اس انداز سے ڈسمس کرنے سے ختم ہو سکتی ہے ؟ آیا جو دوسرے لوگ آئیں گے جن کو اپائنٹ کیا جائے گا یہ کیسے یقین سے کہا جا سکتا ہے کہ وہ چاند سے آئے ہوئے ہیں ، وہ ہماری قوم سے ، ہمارے ماحول سے دور ہیں ، وہ رشوت نہیں لیتے ؟

اب دیکھنا یہ ہے کہ اصل مقصد جو ہے کہ رشوت اور نااہلی کو کس طرح سے دور کیا جائے صرف قانون سخت بنانے سے حاصل ہو سکتا کہ جلد ایکشن لیا جا سکے -

میرا ذاتی تجربہ یہ ہے عمر کے لحاظ سے بھی کہ ٹھیک ہے قانون ساز اسمبلی جو قانون بناتی ہے ، دستور بناتی ہے ، ان کو بڑا عملی پہلو پر بھی سوچنا پڑتا ہے - میں ذاتی طور پر یہ سمجھتا ہوں کہ صرف آفیسرز کو یہ کہنا کہ اگر تم نے رشوت لی تو تمہیں نکال دیا جائے گا میرے خیال میں کافی نہیں ہے دوسرا پوائنٹ یہ لیا جاتا ہے کہ یہ لاکھوں روپیہ جو اس نے لیا ہے ، جس کا خود آنریبل منسٹر حوالہ دے رہے ہیں ، ہمیں بھی معلوم ہے جو بڑے بڑے کیسز لاکھوں روپے کے ہوئے ہیں جس کو ہم بڑی جگہ نوٹس میں لائے اور ان کے لیے انکوائریاں بھی ہوئی ہیں تو ان کے متعلق یہ ہونا چاہیئے کہ جو انہوں نے رشوت کھائی ہے وہ روپیہ زیادہ سے زیادہ دستیاب ہو ، قوم کے ہاتھ میں ہو ، حکومت کے ہاتھ میں ہو ، اس کا بھی

لازمی علاج ہونا چاہیئے - میں یہ کہتا ہوں کہ جس طرح سے ہمارے منسٹر صاحب نے رشوت ستانی اور نا اہلی کے تدارک کے لیے بل بڑے اچھے انداز میں پیش کیا ہے ، دوسری وزارتوں کو بھی چاہیئے کہ اسی طرح سے کریں - ان کے بھی آخر محکمے ہیں اور بھی چیئرمین ہیں اور بھی ڈیپارٹمنٹ ہیں اور بھی کنٹریکٹر ہیں اور بھی دخل اور نقل و حمل و حرکت وہاں پر ہوتی ہے تو مہربانی کر کے جنرل رشوت ستانی سے متعلق اس قسم کا سوچ سمجھ کر جتنی بھی وزارتیں ہیں وہ ایک قانون بنائیں تا کہ نہ صرف واپڈا بلکہ ہر اس محکمے کو جہاں رشوت ہے جو بل زیر بحث ہے اس کو پیش کرنا چاہئے - اور جو رشوت انہوں نے لی ہے یا ماضی میں جو روپیہ انہوں نے لیا ہے وہ بھی ان سے حاصل کرنا چاہئے - ان الفاظ کے ساتھ جناب چیئرمین ! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور مجھے یقین ہے کہ آپ نے اس فریم ورک میں میری تجاویز کو بھی محسوس کیا ہوگا - شکریہ -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** جناب غلام رسول صدیقی -

**جناب غلام رسول اے صدیقی :** جناب والا ! اس بل کی امنڈمنٹ پر بہت کچھ کہا گیا ہے - میں چاہتا ہوں کہ رشوت کو ختم کرنے کے لیے یا اس کو کم کرنے کے لیے اس امنڈمنٹ بل کے ساتھ اور بھی امنڈمنٹس لائی جائیں - اس میں ایک چیز تو یہ ہے کہ جس وقت واپڈا کے کسی آدمی کو مقرر کیا جاتا ہے تو اس میں ایک شق ایسی بھی ہونی چاہیئے کہ مقرر کرتے وقت اس کی ملکیت کا اس سے فارم بھرایا جائے - یہ ایک طریقہ ہے کسی آدمی کو رشوت لینے سے روکنے کا کہ اس کی ملکیت اپائمنٹ کے وقت کیا ہے اور دوسری شق اس میں یہ ہے کہ یہ ایک مہینے کے نوٹس یا تنخواہ سے اس کو ہٹایا جائے اس کے لیے بھی امنڈمنٹ کی ضرورت ہے -

اس قانون کے علاوہ اور قانون بھی بنائے گئے ہیں اور آپ کو واپڈا میں کبھی ایماندار آدمی نہیں ملیں گے - ایسی ترمیم جسے ایک مہینے کا نوٹس یا ایک مہینے کی تنخواہ کے بعد واپڈا میں کوئی ایماندار آدمی نہیں آئے گا لیکن بے ایمان ، رشوت خور ضرور آئے گا - وہ آ کر پیسہ کما کر بھاگ کر نکل جائے گا اس لیے ضروری ہے کہ ہم اس میں ترمیم کریں - اور اس میں کوئی ٹریبونل ڈسٹرکٹ جج کی حیثیت کا آدمی رکھیں جو ان کیسوں کو دیکھے ، ان کو باقاعدہ نوٹس ملنا چاہیئے - نوٹس ملنے کے بعد ان کو موقع ملنا چاہئے اس ٹریبونل کے سامنے وہ کیس رکھا جائے تو اس میں اس قسم کی ترامیم لانے کی ضرورت ہے اس لیے میں عرض کروں گا کہ اس بحث کو کسی دن پر رکھا جائے تا کہ اس میں ہم اپنی ترامیم ہاؤس کے سامنے رکھ سکیں -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** میرے خیال میں اب یہ رولز کے مطابق ممکن نہیں کہ بحث جہاں تک آگئی ہے اس کے بعد اس کو ملتوی کر دیں - بشرطیکہ اگر متعلقہ وزیر صاحب چاہیں تو پھر ہو سکتا ہے - لیکن مجھے ایسا نظر نہیں آتا - اگر رولز میں پراویژن ہے تو مجھے بتائیے - جی راؤ صاحب فرمائیے ؟

**راؤ عبدالستار :** جناب چیئرمین ! فاضل وزیر نے اس معزز ایوان میں جو بل پیش کیا ہے ، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے ہمارے معاشرے کی دکھتی رگ پر ہاتھ رکھا ہے ۔ میرے بعض دوستوں نے کچھ خدشات کا اظہار کیا ہے ۔ اس بل میں ایک ترمیم ہے اور وہ یہ کہ واپڈا سے رشوت ستانی اور بدعنوانی کو ختم کرنا ہے ۔ اس کا انسداد کرنا ہے ۔ اس کے لیے انہوں نے اس بل میں ترمیم رکھی ہے اور وہ ترمیم یہ ہے کہ کسی ملازم کو واپڈا سے ایک ماہ کی تنخواہ دے کر یا ایک مہینے کا نوٹس دے کر فارغ کیا جا سکتا ہے ۔ کچھ دوستوں نے اپنے خدشات ظاہر کیے ہیں کہ اس طریقے سے ان ملازمین کی حق تلفی ہو گی اور ان کو بغیر سنے ہوئے ملازمت سے سبکدوش کر دیا جائے گا ۔ جناب والا ! اس بل میں ان کے لیے اپیل کا حق رکھا گیا ہے ۔ اور وہ جناب والا ! سروس ٹریبونل میں اپیل کر سکتے ہیں Labour Courts بھی موجود ہیں ۔ اس کے علاوہ ان کو Unions بنانے کے پورے پورے حقوق دئیے گئے ہیں کچھ دوستوں نے یہ کہا ہے کہ اس بل میں ان لوگوں کو جنہوں نے رشوت سے کافی روپیہ جمع کر لیا ہے ان کے متعلق کچھ تحریر نہیں ہے کہ ان کے خلاف کیا اقدامات کیے جائیں گے اور ان کی جائداد وغیرہ یا وہ رقم جو انہوں نے ناجائز ذرائع سے حاصل کی ہے اس کی واپسی ہو سکتی ہے یا نہیں ۔ جناب والا ! میں بتا دینا چاہتا ہوں کہ ہمارے ملک میں پینل کوڈ موجود ہے ۔ اگر کوئی آدمی رشوت لیتا ہے بد عنوانی کرتا ہے یا کسی اور جرم کا ارتکاب کرتا ہے تو سب کے لئے یکساں قوانین موجود ہیں ۔

**جناب نبی بخش زہری :** پوائنٹ آف آرڈر سر !

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** جی فرمائیے ؟

**جناب نبی بخش زہری :** جناب چیئرمین ! میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایسے لگتا ہے کہ ہمارے لیڈر آف دی ہاؤس آنریبل وزیر صاحب کی جگہ جوابی تقریر فرما رہے ہیں اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہمیں وزیر صاحب کے لیے چھوڑ دینا چاہئے ۔

**راؤ عبدالستار :** وزیر صاحب کے پاس اور بھی بہت سی چیزیں ہیں ۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** زہری صاحب ، یہ تو کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں بنتا ، دوسرے یہ کہ آپ تو بڑے پرانے پالیمنٹیرین ہیں جب لیڈر آف دی ہاؤس تقریر فرما رہے ہوں تو اس میں مداخلت نہیں کی جاتی ۔

**راؤ عبدالستار :** جناب والا ! وزیر صاحب کے لیے ابھی بہت سی چیزیں ہیں اور وہ ان پر اپنے خیالات کا اظہار فرمائیں گے ۔ تو جناب والا ! یہ ٹھیک ہے کہ اس بل سے بھی یہ پتہ چلتا ہے کہ واپڈا میں واقعی رشوت ستانی بھی ہے اسی وجہ سے یہ بل اس معزز ایوان میں پیش کیا گیا ہے تا کہ رشوت ستانی کا انسداد کیا جائے اور وزیر صاحب نے خود بھی یہ بل پیش کرتے وقت کہا تھا کہ جس طرح معاشرے میں لوگ اچھے بھی ہوتے ہیں اور برے بھی ہوتے ہیں ، اس طرح واپڈا میں لوگ برے بھی ہیں اور اچھے بھی ہیں ۔ واپڈا ملک میں نیا بنایا گیا تھا ۔ اس وقت جس وقت یہ بنا تھا اتنا کنٹرول بھی نہیں تھا ۔ واپڈا ہمارے ملک کی معیشت

کے لحاظ سے ریڑھ کی ہڈی کا کام دیتا ہے اور ملک کی تعمیر و ترقی کے لیے اسے کروڑوں روپوں کا بجٹ دیا جاتا ہے - اور موجودہ معاشرے میں جیسا کہ اس بل سے نمایاں ہے ایسے لوگ ہیں - جو رشوت لیتے ہیں - اور خرد برد کرتے ہیں - اسی طرح واپڈا میں خرد برد ہوتی ہے تو جناب والا ! پھر اس کے انسداد کے لیے یہ بل پیش کیا گیا ہے جس کے وزیر صاحب مبارکباد کے مستحق ہیں - اور میں جناب والا ! استدعا کروں گا کہ اس بل کو جتنی جلدی پاس کیا جائے اتنا ہی ملک کے لئے فائدہ مند ہے - شکریہ -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** دوستوں نے جو اظہار خیال کیا ہے - اس کے متعلق آپ کچھ ارشاد فرمائیں گے ؟

**جناب محمد یوسف خٹک :** میں پہلے کہہ دوں یا بعد میں ؟

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** اگر آپ کہہ دیں گے تو کوئی بات نہیں رہے گی جب آپ wind up کریں گے - اس کے بعد کلاز بائی کلاز لے لیں گے -

**جناب محمد یوسف خٹک :** دو ہی کلاز ہیں -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** اچھا فرمائیے -

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak :** Mr. Chairman, Sir, first of all, I must own that I have listened to some remarkably fine speeches in this House, and I congratulate the Members of this House on the very high standard of debate that they have maintained here. But after paying compliments, Sir, I know most of the speeches have been of a very high constructive order, yet at the same time I would say that there are once again, as in the National Assembly also, some very sweeping speeches, full of generalisation, full of assumptions and after those assumptions full of preposterous and baseless deductions also. But, I agree, Mr. Chairman, Sir, that this is such a subject on which there are bound to be very deep and very strong feelings—the subject of eradication of corruption within WAPDA. Now Sir, before I try to give my reasons and try to assure the honourable Members to remove their misunderstandings, and I owe it to the overwhelming number of honest and dedicated employees of WAPDA, I would own once again that they are as honest and as dedicated as some of the best public servants within the Government of Pakistan.

---

*(At this stage Mr. Deputy Chairman took the Chair).*

---

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak :** I think that the employees of WAPDA —overwhelming number of them—overwhelming number of them are dedicated, profoundly dedicated, very hard-working, honest and efficient people, and I think that they have set up standards that today from all over the country, from East and West, their services are demanded from us. The Government of Pakistan is approached to render their services to other friendly countries. If they had not maintained that high standard, then I don't think that they would have this international recognition. So, just to say lock stock and barrel that every member within WAPDA, as some honourable Members were pleased to say, are inefficient and corrupt, would be travesty of truth and most unjust and I think totally uncalled for. But that does not mean that we should be complacent that there is corruption as in other walks of life

[Mr. Mohammad Yusuf Khattak]

too, in each, every and in single walk of life. This is a very unhapply fact that there is corruption and there is inefficiency, Sir, as Minister Incharge of WAPDA I can say this with great pride that this Government, the Government of Prime Minister Zulfikar Ali Bhutto, is the first Government after the establishment of WAPDA in 1958 that has taken some definite and concrete steps to end corruption within WAPDA.

Since 1958 till 1975 a lot of water had flown down Ravi and Indus, yet no Government had addressed itself to the eradication of corruption within WAPDA and this Government, Sir, is the first Government that has addressed itself to the eradication of corruption. Now, Mr. Chairman, Sir, I would like to ask you is it a mistake, is it a blunder on our part that we have owned up that there is inefficiency, that there is corruption there, owned up to have self-criticism, to have self-analysis? Is it a sin, Sir, is it a sin to say that we are not angels, that everything is not wonderful in the garden? I think, Sir, that is a sin of complacency and I think, Mr. Chairman, Sir, that is a worst crime that any public servant, that any public organisation does and that is a sin of complacence. We are not, Sir, complacent. We do think, Sir, that there is a lot of things to be done, there is a lot to be desired within WAPDA, lot of things have to be achieved. So, I think, Sir that we have taken one concrete, one halting step towards that end. But that is not a perfect step I am the first man told. I do not think, Sir, that this is a fool-proof method. But I think, Sir, this is one step this is not the last word. It does not mean that now that we have brought this Bill before the House, in this august House no other step will be taken for eradicating corruption or making the law more fool-proof, more efficient and more practical. I think, we are open to suggestions, and I have noted with gratitude some of the suggestions, admirable suggestions by the honourable Members of this illustrious House put forward before the House, and I have taken note of them, and we shall Insha-Allah try to implement them.

So Sir, this is not the last word. Everything is not perfect but we are not complacent. We have taken one step. Now, I would beg the support of this House in this first halting concrete step to eradicate corruption within WAPDA and say that this honour belongs to the Government of Prime Minister Mr. Zulfikar Ali Bhutto that at least one step has been taken.

It has been in this House, again and again, that the Prime Minister himself has time and again, said that things in WAPDA are not perfect. So, we have, Sir, owned the inefficiency and corruptions so that whatever WAPDA looks, we will try to remedy them. But that does not mean, Sir, that there should be a condemnation of every man in WAPDA. I think, Sir this will be discouraging the people who are working in WAPDA, and I still say once again that overwhelming number of them are honest, dedicated, efficient people that are in the service of Pakistan.

Now, Sir, tragically all the Members within the House have one misgiving and this lurching feeling of suspicion rather. Now I do agree, Sir, that it is a very strong weapon in the hands of people who will wheel this thing. Now, this weapon is being handed over to people who will wheel this without any discrimination blindly. So, first of all I want to remove this wrong impression that when this Bill has been passed every man will exercise this power and that this means that from the Chairman and the Members of Water and Power, the same power will be handed to the Chief Engineer, and from the Chief Engineer to the Superintending Engineer, and from Superintending Engineer to the Executive Engineer and so on. Now, Sir, far from

it, this power will be only exercised by the Water & Power Development Authority, and I would like to just read this out what that Authority is I am reading from Water & Power Development Authority Act, of 1958 :—

> "(1) There shall be established an Authority to be known as the Water and Power Development Authority for carrying out the purposes of this Act.
>
> (2) The Authority shall be a body corporate, and shall be entitled to acquire and hold property."

Now, this is the constitution of the Authority :—

> "The Authority shall consist of a Chairman and not more than 2 members to be appointed by the Government :
>
> Provided that till such time as the Authority is fully constituted, the Chairman shall exercise the powers, functions and duties of the Authority."

But this was you see, introduced at that time. Now Sir, the Authority is composed of a Chairman and three Members. Member Power, Member Water ; and Member Finance. So, this power conferred upon the Authority, will be exercised not by one man, not even by Chairman alone but it will be exercised by the entire Authority—the Chairman along with the three Members also. So there can be no arbitrary exercise of this weapon. This will be exercised with great discrimination and great deal of thought by the whole Authority which consist of 4 persons, and I can also assure the House, and that is my own personal assurance that I shall keep a very strict watch on the exercise of. . . .

**Mr. Masud Ahmad Khan** : On a point of order Sir.

Sir, there is section 20 also—Delegation of powers :

> "The Authority may by general or special order delegate to the Chairman, a Member, or officer of the Authority, any of its powers, duties or functions under this Act subject to such conditions as it may think fit to impose."

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak** : There has been, Sir, no mention of delegation of Powers in this respect within this Bill. It is that this Authority, will exercise this power and then there will be no delegation, it is not possible to delegate that. So, Sir, as I was assuring that I shall keep a very strict watch on how this very powerful weapon is being used by the Authority. Now, Sir, this has been again said that probably it will affect also the workers. I think, I made it quite clear yesterday that it will not affect the workers in any way. The workers will be able to carry on their normal trade unions activities as usual, and they can also have recourse to the Labour Courts. They are completely protected.

I will once again read out, Sir, some of the relevant portions : Under Section 2 (b) of the Civil Servants 1973 Act, it has been stated that a person

[Mr. Mohammad Yusuf Khattak]

or a workman, as defined in the Factories Act, 1934 or the workman's Compensation of 1923 does not fall in the category of civil servants. Under the Industrial Relations Ordinance 1969, as amended, a worker does not include any person employed mainly in a managerial or administrative capacity or who being in a supervisory capacity, draws wages exceeding Rs. 800.00 per month. It would thus appear that workers and employees drawing upto Rs. 800.00 per month do not fall into a category of a civil servant. The jurisdiction of a Labour Court under Industrial Relations Ordinance of 1969 in respect of such employees against their removal is not ousted and the Labour Courts are empowered to order re-instatement and allow consequential benefits under section 36 (b) 4 of the Ordinance. Therefore, any apprehension in the mind of the honourable Member that workers have been declared civil servants and they cannot seek redress against Labour Courts is not well-founded. As far as, Sir, the civil servants are concerned, it has been said that since they have not been given any reason they are dismissed arbitrarily and there is no recourse or appeal left for them. But here, Sir, I would like to say that under this clause, they have been declared civil servants only for the purpose of Civil Services Tribunal Act 1973. This means that the employees of WAPDA, other than workmen, will be able to file an appeal against their premature retirement or removal to the Service Tribunal set up by the Government.

So, Sir, the workers are, of course, protected. They can carry on their Trade Union Activities, and Labour Courts are open to them, and if any one of them is retired under this provision or they have any grievance, they can go to the Labour Court. So, as far as the workmen are concerned, they are completely protected, and as far as civil servants are concerned only when they are retired they can appeal to the Service Tribunal otherwise the other series of WAPDA Acts, apply in every other instance. So, even they have got this Court of Appeal. They can go there, if they have been retired prematurally and without any reason they can go there, and then the reason will be brought forth. But why recourse has been taken to this thing as every one, the Leader of the House also mentioned here that there has also been a law against corruption but it has not stopped corruption and so, there is now a desperate situation and desperate situation requires desperate remedies. I think, every Member of this illustrious House knows that it is next to impossible to prove corruption against anyone. There are two persons involved in this transaction and they are not prepared to give evidence against one another. Then, foreign contacts are involved and how are you going to prove against him. If a man by reputation is corrupt, then we can just say that he is corrupt and he is dismissed and after that other charges can be brought before the Service Tribunal and proved there. Otherwise, if the normal course of law is allowed to operate then, I think, it will not be fair to the man who is victimised and is being dismissed, because it take years to prove, and legal wranglings are also there. It will be more merciful to go to the Service Tribunal where the procedure is quite quick and not long drawn out. So, I think, Sir, this is not easy to arbitrate. The workers as well as the civil servants are both protected in the sense that they have got the right of appeal and they can go for appeal before the Service Tribunal.

My friend Qazi Faizullah quoted one instance of 1971. That is a long time ago, but I will certain see even now if facts are brought out by him, and if there is some truth in it, and if those people are still in the employment of WAPDA, then I will see that some action is taken against them.

Similarly, my friend Senator Zehri, has quoted an instance. I do not think, Sir, he knows the true facts of the case. I think, here both the loans

were not utilised and they were able to make it from whatever material was available here. It was a make-shift arrangement. As far as I know, the whole thing was successful and the whole work was completed within specified time. Sir, I think, the man, I mean the lineman, I do know instances and there are complaints, and I practically receive them every day, but, I think, the main difficulty responsible for this existence of corruption is the constraint on finances. There is the question of the law of demand. More people want electric connections for tubewells, for houses, for commercial purposes and for everyday use. There are not enough finances. Even when there is no corruption, a man who is waiting, and I have my complete and total sympathy with that unfortunate man who is waiting, for a tubewell connection or for a connection for his household and he is waiting for a year or two years, he naturally concludes that there is collusion or corruption. And there is a long list which runs up to thousands and there are so many people waiting for one thing or the other. 'Yak anar sad beemar' and then, naturally, it leads to corruption. Even when it does not exist, people think there is corruption. That could, Sir, and I hope, can only be eradicated when there is more finance. This year also WAPDA asked for a budget allocation of 390 crores and they got only 215 crores. So, as a result of that, they had to slash a lot of their programme on the distribution side also they had to curtail their programme. Naturally, Sir, it would lead to this feeling that either somebody is being favoured or there is corruption.

What I tried to do is that we have already taken certain measures to eradicate corruption. About this tubewell connection, when I came here, the rule was first come first served but even that militated against efficiency and also against the honest working of the system, and then I made the rule that whoever is ready he should get the connection. It is possible that the first man is not ready ; there is no power pump or there is no transformer, so in that case if the second man is ready with these things then he should be allowed to get it. We tried to make it as automatic as possible, so that without running from one office to another he should be able to get this connection. About electricity bills, we tried to decentralise it to the S. D. O. level. The same man who supplies electricity should also issue bill. Previously, in some case a man getting electricity was sent bill from Islamabad to Mandi Bahauddin. I made it that the local S. D. O. or at the most the Executive Engineer should also bill these people. It will stop these people from going miles and miles and from travelling about 100 miles for just getting a mistake rectified, a mistake of five rupees only. We have also started regular inspection teams from the Ministry who pay surprise visits to different places and examine their working and other things and also whatever complaints they have received from those people. So, apart from this law we are also trying in our own humble way, whatever is possible for the eradication of corruption and also bring about efficiency within the ranks of WAPDA.

I think, Sir, it is not only the Government but also the engineering profession itself that they have also addressed themselves to setting their house in order. As you know Sir, there is another Bill, the Engineering Council Bill, which is before the House. That is an attempt by the engineering profession itself to put its own House in order and to eradicate corruption from amongst its own ranks. So, it is not the Government itself but also the engineering profession which is doing something, and it is very creditable if the engineers also are marching in unison with the Government. They are trying to eradicate corruption from amongst their own ranks, and the setting up of Engineering Council is a step in that direction.

[Mr. Mohammad Yusuf Khattak]

Here I would also like now, Sir, to refer to the hydel projects to which Senator Sher Mohammed Khan referred. First of all, I like to inform him that I have been a Minister for one year not for two and a half years. He is slightly wrong in his arithmetic. He referred to hydel projects sanctioned by Mr. Sher Pao. These hydel projects, Sir were not sanctioned by the Ministry of Fuel and Power or Khan Sherpao, who was the Minster of Fuel and Power. This was not a project of the Ministry of Fuel and Power or W. A. P. D. A. This was the brain child of the Ministry of Finance and the Minister for Finance was the father of this idea. It was a very good idea, an admirable idea that there should be in northern areas like Gilgit and Skardu, upper reaches of northern area in Frontier like Dir and Swat, Azad Kashmir and Baluchistan small hydel projects—I think about hundred of them. Their control has been handed over to the Ministry of Fuel and Power only two or three months ago. Until now it was a separate Cell in the Ministry of Finance who were handling this thing. So as far as that is concerned we really had no say in the matter and another thing I would like to point out here is that now the Ministry has received a communication from the Ministry of NWFP who are the people to implement it—I am saying this because he referred to hydel projects in Swat—and they have said that they would like to scrap the whole scheme. They think that it is very costly and it does not serve their purpose. So, I hope the honourable Senator will address these complaints to the Government of N. W. F. P. and we are in communication with them. So the, ball is entirely in the Court of the Ministry of N. W. F. P. It is for them to set up these projects. Though now they have been handed over to us but we cannot implement them without the willing co-operation and consent of a Provincial Government.

As regards the point raised by him that anybody can dismiss any one, I think, Sir, I have dealt with it and told this august House that it is only the Authority which can exercise this dreaded weapon. Sir, there was also some misapprehension, and fears were expressed that there will be now a witch-hunting. Somehow or the other I do not know, Sir, some Members of this august House assume that the people who will be able to wield this power, they just either are slightly demented or out of their mind, that they will just go out and start witch-hunting and start dismissing people without any rhyme or reason. I can assure them that WAPDA house has no demented person. They are all very responsible people and they will exercise this very powerful weapon with great compassion, with great reason and after a great deal of thought. So, there will be no witch-hunting whatsoever.

With these few words once again I say, Sir, that we have owned up our deficiencies and we do not think, Sir, that this Bill is the last word but we do take credit for that, and we really feel proud of the fact that we have made this first step. It is the first step towards the eradication of inefficiency and corruption from within the ranks of WAPDA and this is not the last word. We will always be open to admirable suggestions, which I have received here today from the Members of this august House.

**Mr. Deputy Chairman:** Thank you very much. I think, we had a very good debate on this Bill. This should finish with the debate, and now I put the question to the House.

The question before the House is:

> "That the Bill further to amend the West Pakistan Water and Power Development Authority Act, 1958 [The West Pakistan Water and Power Development

Authority (Amendment) Bill, 1975], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Deputy Chairman** : The motion is adopted.

Now, I take up the Bill clause by clause. It has only three clauses. Therefore, I put 2 and 3 together, The question before the House is :

"That Clauses 2 and 3 form part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Deputy Chairman** : Clauses 2 and 3 form part of the Bill.

The question before the House is :

"That the Title, Preamble and Clause 1 form part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Deputy Chairman** : The Title, Preamble and Clause 1 form part of the Bill.

Next item No. 4.

**Mr. Mohammed Yusuf Khattak** : Sir, I beg to move :

"That the Bill further to amend the West Pakistan Water and Power Development Authority Act, 1958 [The West Pakistan Water and Power Development Authority (Amendment) Bill, 1975], be passed."

**Mr. Deputy Chairman** : The motion moved is :

"That the Bill further to amend the West Pakistan Water and Power Development Authority Act, 1958 [The West Pakistan Water and Power Development Authority (Amendment) Bill, 1975], be passed."

It is not opposed. Do you want to make any speech in the Third Reading ?

**Mr. Mohamed Yusuf Khattak** : No, Sir, I think, I have said all that I wanted to say.

**Mr. Deputy Chairman** : No other speech by the honourable members ?

*(Pause)*

**Mr. Deputy Chairman** : So, I put the question to the House. The question before the House is ;

"That the Bill further to amend the West Pakistan Water and Power Development Authority Act, 1958

[Mr. Deputy Chairman]

[The West Pakistan Water and Power Development Authority (Amendment) Bill, 1975], be passed."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Deputy Chairman** : The Bill stands passed.

Next item No. 5.

---

## THE PAKISTAN ENGINEERING COUNCIL BILL, 1975.

**Mr. Mohammed Yusuf Khattak** : Sir, I beg to move :

> "That the Bill to make provision for the regulation of the Engineering profession [The Pakistan Engineering Council Bill, 1975], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

**Haji Naimatullah Khan** : Sir, I suggest that this should be deferred.

**Mr. Deputy Chairman** : I have not yet made the motion to the House. Let me first put the motion.

The motion moved is :

> "That the Bill to make provision for the regulation of the Engineering profession [The Pakistan Engineering Council Bill, 1975], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

Now, you can make your suggestion.

**Haji Niamatullah Khan** : Sir, I suggest that this should be referred to the Standing Committee concerned.

**Mr. Deputy Chairman** : Do you oppose that ?

**Mr. Mohammed Yusuf Khattak** : Yes, Sir, I oppose it.

**Mr. Deputy Chairman** : Let me put the motion to the House. The motion moved is :

> **"That the Bill be referred to the Standing Committee concerned."**

**Do you oppose ?**

**Mr. Mohammed Yusuf Khattak** : Sir, I would like to put it before the House that it is a totally non-controversial Bill. It is just to regulate the Engineering profession because there is no such body, and it is a very academic affair altogether, Sir. I do not know, Sir, for what reason this has been done. However, if it is the desire of the House, certainly I am a servant of the House, and I will abide by it, but there is absolutely no controversy whatsoever involved in this thing. I will go with them, but, Sir, I would like to know what is the reason for that.

**Mr. Masud Ahmed Khan** : Mr. Chairman, Sir, Point of Order.

**Mr. Deputy Chairman** : Yes, Mr. Masud Ahmed Khan.

**جناب مسعود احمد خان :** جناب والا ! فاضل ممبر صاحب نے ابھی کہا ہے کہ یہ بل بہت معصوم بل ہے ۔ اس میں کسی قسم کی controversy نہیں ہے ----

**Sardar Mohammad Aslam** : Point of order, Sir.

**Mr. Deputy Chairman** : There is a point of order on a point of order. Both the Members are requested to take their seats first. Please take your seats.

Actually, the motion was moved by Haji Niamatullah Khan that this Bill be referred to the Standing Committee concerned, and formally this has been opposed by the Minister for Fuel and Power. Therefore, now there can be speeches for both the sides whether this should be referred to the Standing Committee concerned or it should not be referred to the Standing Committee. I concede the floor to Mr. Masud Ahmed.

**Sardar Mohammad Aslam** : Point of Order, Sir.

**Mr. Deputy Chairman** : What is the point of order ?

**Sardar Mohammad Aslam** : Sir, the motion was moved by Haji Niamatullah Khan. It is for him first to justify the amendment, and then the speeches can be made.

**Mr. Deputy Chairman** : Yes. Haji Sahib, your amendment has been opposed by the Minister for Fuel and Power. Would you like to elaborate it. What is the reason ? Why do you want to send the Bill to the Standing Committee ?

**Haji Naimatullah Khan** : Mr. Chairman, Sir, this is a very important Bill and we, the Members of Parliament, want some time. As this is not an unimportant Bill, therefore, this must be referred to the Standing Committee for study and bringing it again to the House in an efficient and nice form. Delay for a day or so does not matter, I think. So, let the House decide. This is my version that this should be referred to the Standing Committee. It can be discussed there and brought back after one day. So, this is my view.

**Mr. Deputy Chairman** : Yes, Mr. Masud Ahmed Khan !

**Mr. Masud Ahmed Khan** : Sir, actually, I will partly support my colleague that it may be referred to the Standing Committee because the Standing Committee has to discuss this Amending Bill threadbare. But if the discussion also takes place in the Senate I will have no objection because as the honourable Minister has said, this is an innocent legislation. But, I feel there are mistakes in the Original Bill, and I would refer to certain clauses which need elucidation. I have not been able to find herein as to what is the life of the proposed Council. For the first instance, the life of the Chairman is one year but there is no mention of the life of the first Council.

**Mr. Deputy Chairman** : Senator Masud, you are actually speaking on the Bill. It is not on the Bill. You can speak only on the amendment moved by Senator Haji Naimatullah Khan.

**Mr. Masud Ahmed Khan** : Sir, actually, I was replying to the point raised by the honourable Minister. I think, this Bill needs threadbare discussion because there are so many flaws in it. For instance, there should have been written (g) instead of (f) in section 9, clause 6. So, unless this goes either to the Standing Committee or we defer it for full discussion in the Senate we can't rectify all these mistakes. So, my point was that although it is an innocent legislation yet there are some mistakes.

**Mr. Deputy Chairman** : But what do you mean by deferring it ? Because the debate will go on in the House and you can continue it for ten days. Here, in the Senate, there is no bar on the debates.

**Mr. Masud Ahmed Khan** : My point was that we should discuss it in the Senate not today but it should be deferred till some other day so that we can discuss it.

**Mr. Deputy Chairman** : Yes, Senator Khoso !

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Mr. Chairman, Sir, the amendment proposed by our learned friend is not really of postponment of the consideration of this Bill for tomorrow or any other day but it is to refer it to the Standing Committee. So, I think, let us all be very clear what the amendment is about. If it goes to the Standing Committee, no matter how simple or how innocent the Bill or its clauses may be, I think it will serve a useful purpose and that is why the Standing Committees are for. So, I support my friend that this Bill may be referred to the Standing Committee for a thorough discussion there and for its report. Thank you.

**Mr. Deputy Chairman** : Thank you. Yes, Mr. Ahmed Waheed Akhtar !

**جناب احمد وحید اختر :** جناب چیئرمین ! بات یہ ہے کہ اسٹینڈنگ کمیٹیز کا بھی ایک پروسیجر رکھیں گے بعض ضروری باتوں کے سمجھنے کے لیے وہاں کچھ زیادہ موقعہ ملتا ہے ۔ وہاں وزیر صاحب بھی موجود ہوں گے اور ان کے محکمہ سے متعلقہ لوگ بھی ہوں گے ۔ ان سے کچھ queries بھی کی جاتی ہیں اور اس کے بعد کمیٹی کے اراکین زیادہ تفصیل سے اور زیادہ دیر تک ، جب تک کہ وہ اپنے آپ کو مطمئن نہیں کر لیتے ، رپورٹ مرتب کر کے ہاؤس میں نہیں بھیجتے اور اس طرح سے ہاؤس کا وقت بچ جاتا ہے اور یہ خاصا لمبا بل ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ کل شاید سینیٹ کا اجلاس نہ ہو سکے کیونکہ پارلیمنٹ کی جائنٹ سٹنگ ہے تو اس میں ہمیں وقت بھی مل جائے گا یہ اسٹینڈنگ کمیٹی کو ریفر کر دیں ۔ وہاں دیکھ کر پرسوں ہمارے سامنے آ جائے گا ۔

**جناب راؤ عبدالستار :** بہتر ہے اور میں متعلقہ منسٹر صاحب سے بھی درخواست کروں گا کہ وہ اسے پریس نہ کریں ۔

**Mr. Deputy Chairman** : But it was formally opposed. Therefore, I have to put the question. The question before the House is :

> "That the Bill to make provision for the regulation of the engineering profession [The Pakistan Engineering Council Bill, 1975], be referred to the Standing Committee concerned".

*(The motion was adopted).*

**Mr. Deputy Chairman**: The Bill stands referred to the Standing Committee concerned.

But, I want to know from the Minister for Fuel and Power; the Ordinance is not expiring very soon, I think.

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak**; No, Sir, not very soon.

**Mr. Ahmed Waheed Akhtar**: It will expire on the 23rd of December.

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak**: I hope it will be passed in this session. This is very important.

**جناب راؤ عبدالستار:** یہ کیسے کر سکیں گے اور پھر تو یہ مشکل ہو جائے گا؟

**جناب احمد وحید اختر:** میں اسی لیے عرض کر رہا ہوں ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** اس میں ایک اور امنڈمنٹ کی صورت تو اب نہیں آئے گی ۔

It can be a request from the House to the Standing Committee

کہ اسٹینڈنگ کمیٹی اس کو کل شام تک واپس کر دے تا کہ اگر ہم پرسوں بل رکھنا چاہیں تو رکھ سکیں ۔ وہ آج شام کو میٹ کر سکتے ہیں یا کل صبح کو میٹ کر سکتے ہیں تو کل تک یہ بل واپس آ جانا چاہئے ۔

With this request we refer the Bill to the Standing Committee. There is no other business to be transacted. Tomorrow, there will be a session of the Parliament in the evening. I think, it is at 4.00 p. m. So, we can meet in the morning for doing a little business because there is a lot of business pending with us.

**قاضی فیض الحق:** جناب چیئرمین! کل پرائیویٹ ممبرز ڈے میں جو ریزولیوشن ڈیفر ہوئے تھے تو وہ نیکسٹ پرائیویٹ ممبرز ڈے جو ہے وہ ۱۲ کو ہے میں سمجھتا ہوں کہ ۱۲ کو ہمارا سیشن ہو ۔

We are of the view to request the Chair.

اور اس سے پہلے ایک دن وہ پرائیویٹ ممبرز ڈے اس ریزولوشن کے لیے مقرر کر دیں ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** میں نے جو رائے الگ الگ ممبران کی لی تھی تو ممبران حضرات اس بات کے حق میں تھے کہ ۱۲ کی صبح کو سیشن رکھیں اور جلد ختم کریں تا کہ وہ پرائیویٹ ممبرز ڈے بھی ضائع نہ جائے ۔

**جناب قاضی فیض الحق:** وہ جن وجوہات کی وجہ سے ڈیفر ہوئے تو میرا خیال نہیں ہے کہ ۱۲ تاریخ کو بھی منسٹر متعلقہ موجود ہوں گے ۔ کیا پھر وہی صورت حال نہیں ہو گی؟

**Mr. Deputy Chairman** : Yes, Mr. Ansari ?

**جناب عبداللطیف انصاری :** میں سمجھتا ہوں کہ ۱۲ تاریخ ہم لوگوں کے لیے مناسب نہیں ہوگی کیونکہ ہم لوگوں کو دور جانا ہے - یہ نہ سوچا جائے کہ بارہ تاریخ کو سیشن رکھا جائے -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** ۱۲ تاریخ کو آپ کا اپنا دن ہے نہیں کریں گے تو آپ کا اپنا ایک دن جائے گا -

**جناب عبداللطیف انصاری :** جناب والا ! اس دن ریزولیوشن ہوں گے - بہت لمبی بحث ہو گی - ہم یہ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ وہ جلد ختم ہو جائے گا -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** رول کوئی آپ ریفر کر سکتے ہیں کہ ہم کسی اور دن پرائیویٹ ممبرز ڈے کر سکتے ہیں -

**Mr. Kamal Azfar** : Sir, there is a provision in the rules that the private members' business unless otherwise directed would be on Friday. Therefore, the expression 'unless otherwise directed' by the Chairman implies that there can be some other day also fixed for this purpose.

**Mr. Deputy Chairman** : Yes, rule 24 : The relative precedence of private members' Bills shall be determined by rule 22. It reads :

> "On Fridays private members' business shall have precedence, and on all other days no business other than Government business shall be transacted except with the consent of the Leader of the House :
>
> Provided that if any Friday is a holiday, private members' business shall have precedence on the next working day".

لیڈر آف دی ہاؤس کی کیا رائے ہے ؟

**راؤ عبدالستار :** جناب اگر ان دنوں میں کوئی Firday نہ آیا تو عید کے بعد رکھ لیں گے - پہلے بھی ایک دفعہ اسی طرح اپوزیشن کے ساتھ صلاح مشورہ کر کے Friday کے علاوہ ایک پرائیویٹ ممبرز ڈے رکھا گیا تھا - عید کے بعد دیکھ لیں گے اگر کوئی فرائی ڈے نہ آیا تو پھر کوئی دن مقرر کر لیں گے اور اس عرصہ میں متعلقہ وزیر صاحبان سے بھی رابطہ قائم کر لیں گے -

**Mr. Deputy Chairman** : Well, we can discuss this issue in my Chamber with the Leader of the House and with some of the Members. Let us see whether we can sit on 19th—once again Private Members' Day—Friday. If we cannot meet on 19th, then we will be missing two Private Members' Days on 12th and 19th. Suppose, if we are meeting on 20th, we will be missing two Private Members' Days. We will discuss this issue with the Leader of the House in my Chamber. The Senate is adjourned to meet tomorrow at 10.00 p. m.

---

*The House then adjourned to meet again at ten of the clock in the morning on Wednesday, December 10, 1975.*

---